بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ القمر: 17

”اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے (اس) قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا“

تین رنگوں کی مدد سے گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے

ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مِصباحُ القرآن

لَا یُحِبُّ اللّٰہُ 6

پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیتُ القرآن

لاہور - پاکستان

0092-321-8844845

جملہ حقوق بحق بَیتُ القرآن (رجسٹرڈ) محفوظ ہیں
(A Company Registered U/S 42 of the Companies Act, 2017)

مِصباحُ القرآن

لَا یُحِبُّ اللّٰہُ 6

پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر
فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
اُستاذ: انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

ریسرچ اسکالرز ٹیم

مولانا عبدالرحمٰن اطہر
فاضل علوم اسلامیہ، ایم اے عربی و اسلامیات
سابق نائب مدیر تعلیم: مرکز ابن القاسم الاسلامی، ملتان

قاری محمد اکرم محمدی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
اُستاذ: جامعہ اسلامیہ، مرکز جاوید بن اسماعیل، لاہور، پاکستان

ڈاکٹر حافظ سعید عمران
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D(ITC)UMT
لیکچرار: ICET، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

مدثر بن یوسف حجازی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

محمد عابد رحمت
فاضل علوم اسلامیہ، M.Phil(ITC)UMT
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

حافظ محمد مستمر خان
فاضل علوم اسلامیہ، جامعہ اشرفیہ، لاہور
رجسٹرڈ پروف ریڈر، محکمہ اوقاف، پنجاب

ایڈیشن سوم، اشاعت اول .... جون 2023
ناشر .... بَیتُ القرآن (رجسٹرڈ) لاہور، پاکستان
پرنٹر .... اعزاز الدین ٹی بی ایم پرنٹرز، لاہور، پاکستان

ادارہ "بیت القرآن" درحقیقت قرآن فہمی کی ایک عظیم تحریک ہے جس کا مقصد لوگوں تک اللہ کے کلام کو نہایت آسان اور عام فہم انداز میں پہنچانا ہے۔ زیرِ نظر ترجمہ "مصباح القرآن" تمام مسالک میں مقبولِ عام ہے جبکہ ادارہ "بیت القرآن" نصاب سازی کیلیے "پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ" میں بطور "**Book Developer**" رجسٹرڈ ہے۔ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات امپورٹڈ کاغذ پر، انتہائی اعلیٰ اور دیدہ زیب پرنٹنگ کروا کر صرف اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے، الحمدللہ۔ 2001ء سے تاحال قرآن فہمی کے لیے ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کا کام جاری و ساری ہے، اللہ کی توفیق سے "مصباح القرآن" کی تکمیل کے بعد اب اس مشن کو منظم انداز میں سکولز، کالجز، یونیورسٹیز اور عوامی حلقوں میں پھیلانے کی اشد ضرورت ہے، لہٰذا اس عظیم مشن کو جاری رکھنے کے لیے آپ کا ہر ممکن تعاون درکار ہے، جزاکم اللہ خیراً۔

Account Title : Bait-ul-Quran, IBAN Account # PK65MUCB 0075 9525 6100 0334
MCB Bank, Upper Mall Branch, Lahore, Pakistan.

بَیتُ القرآن
1-C سکندر علی روڈ، گلبرگ 2، لاہور
موبائل: 0092-321-8844845
آفس: 0092-322-8844700 ایکسٹینشن: 115
ویب سائیٹ: www.bait-ul-quran.org
ای میل: info@bait-ul-quran.org

برائے رابطہ: ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے، اُردو بازار، لاہور	0321-4163595
ادارہ صدائے اسلام اُردو بازار، لاہور	0335-1143822
البلاغ، مرکز G10، اسلام آباد	0300-5511552
دارالسلام، مرکز F8، اسلام آباد	051-2281513
دارالسلام، مین طارق روڈ، کراچی	0321-7796655
فضلی بک سپر مارکیٹ، اُردو بازار، کراچی	021-32212991
مکتبہ اسلامیہ، کوتوالی روڈ، فیصل آباد	0300-0997826
مکتبہ اُمّ القریٰ، جناح پارک، رحیم یار خان	0303-2696753
البلاغ، چنگی نمبر 6، بوسن روڈ، ملتان	0300-6112240

حرف اوّل

قرآن مجید وحی الٰہی کا واحد نسخہ اور نمونہ ہے جو آج انسانیت کے پاس اسی زبان میں اور اسی متن کے ساتھ محفوظ ہے جو لوح محفوظ سے جبریل علیہ السلام کے ذریعے محمد ﷺ کو عطا کیا گیا۔ یہ کتاب ہدایت ہے جو صاحب تقویٰ لوگوں کے لیے تزکیہ نفس، طمانیتِ قلب اور تطہیر دماغ کا فریضہ سر انجام دیتی ہے۔

قرآن مجید کا دعویٰ ہے کہ اسے آسان بنا کر پیش کیا گیا ہے تا کہ اس میں غور و فکر آسان ہو اور راہ عمل ہر ایک طالب ہدایت پر واضح ہو جائے۔

قرآن فہمی کے معلمِ اوّل تو خود محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔ مگر آپ کے درسِ قرآن کے فیض یافتگان نے پھر اس علم الوحی کو چہار دانگ عالم میں اس طرح پھیلا دیا کہ پہلی صدی ہجری کے اختتام تک قرآن مجید کے فہم و تدبر کے متعدد مراکز 65 لاکھ مربع میل کے ممالک اور خطوں کے باسیوں میں اپنی خدمات پیش کر رہے تھے۔ قرآنی علوم وفنون کا ایک ارتقائی سلسلہ ہے جو کہ گزشتہ چودہ صدیوں سے جاری ہے اور ان کی جوئے رواں دلوں اور دماغوں کی سرزمین کو سیراب کرتی ہوئی ایمان و عمل کے گل و گلزار کی شادابیاں پیش کر رہی ہے۔

پاکستان کی سرزمین بھی کتاب و سنت کی تعلیمات کے نفاذ کے لئے ایک عملی ماڈل کے طور پر حاصل کی گئی، مگر یہاں قرآن فہمی کے لئے وہ تگ و دو نہ ہو سکی جس کی عملاً ضرورت تھی، اس صورت حال کے پیش نظر یہاں ترجمہ قرآن اور قرآن فہمی کے مختلف مراکز قائم ہوئے، جن میں سے ایک موقر اور موثر ادارہ "بیت القرآن" بھی ہے۔ اس ادارے کے روحِ رواں محترم پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان اور سائنٹیفک انداز میں سکھانے اور پڑھانے کا ایک خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے، ان کی اس کوشش کے دو رنگ اور پیرائے ہمارے سامنے ہیں: ایک "مفتاح القرآن" کی شکل میں جب کہ دوسرا "مصباح القرآن" کے رنگ میں موجود ہے۔ فہم قرآن اور ترجمہ قرآن کے لحاظ سے ایک اسلوب مختلف الفاظ کو مختلف رنگوں میں پیش کر کے پھر انہی رنگوں میں ان کے معانی اور مطالب کو بیان کرنے کا ہے۔ مصنف موصوف نے بڑی مہارت اور علمی چابک دستی سے ان رنگوں کا سائنٹیفک استعمال کیا ہے۔ مجھے ان کے اس تجزیے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کے 65 فیصد الفاظ کو ہم اپنی روز مرّہ زبان اردو میں استعمال کرتے ہیں۔ 20 فیصد وہ الفاظ ہیں جو قرآن مجید میں بہت تکرار سے استعمال ہوئے ہیں، یوں صرف 15 فیصد الفاظ ایسے رہ جاتے ہیں، جن پر خصوصی غور و فکر اور تدبر کی ضرورت ہے۔ پروفیسر صاحب موصوف نے اپنے "مفتاح القرآن" والے منصوبے میں ان الفاظ کو بالترتیب مختلف رنگوں میں پیش کر کے ان کو سمجھنے میں آسانی کی راہ پیدا کی ہے۔ "مصباح القرآن" ترجمہ قرآن یقیناً ایک نئے اور مفید اسلوب سے آراستہ ہے یہ کوشش قرآنی مطالب کو عام کرنے اور ایک طالب قرآن کو اس کے معانی و مفہوم سے آشنا کرنے کی کامیاب کوشش ہے۔ "مصباح القرآن" میں ترجمہ قرآن کا جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے، اس میں تین رنگوں میں تقسیم الفاظ قرآن کے معانی کو بھی "مفتاح القرآن" کے اصولوں کے مطابق انہی رنگوں میں قواعد کی تقسیم اور جوڑ توڑ کے پیرائے میں یوں درج کیا گیا ہے کہ کسی آیت شریفہ کا کوئی لفظ یا اِن لفظوں کے مزید کسی گرامر میں منقسم حصے کی تعیین، تشریح اور تفہیم بہت واضح، آسان، عام فہم اور دلچسپ ہو گئی ہے۔

اس صفحے کے مقابل صفحہ پر روز مرّہ زندگی میں اردو زبان میں استعمال ہونے والے 65 فیصد الفاظ کو سیاہ رنگ میں پیش کیا گیا ہے، تکرار کے ساتھ استعمال ہونے والے 20 فیصد الفاظ کو نیلا رنگ اور 15 فیصد دوسرے اہم الفاظ کو سرخ رنگ میں پیش کر کے ان کے فہم کے الگ الگ دائرے متعین کر دیئے ہیں تا کہ ایک اُستاد یا طالب قرآن ان کی مدد سے ان کا خصوصی فہم حاصل کر لے، میرے نزدیک انسانی ذہن کو گرامر کی گراں بار اصطلاحات میں اُلجھانے اور ان کی تعلیم کے ادق اور پیچیدہ اسلوب کی بجائے یہ ایک آسان اور سلیس طریق ہے جسے انسانی نفسیات کے مطلوبہ اسلوب کے مطابق پیش کر دیا گیا ہے۔

میں برادر عزیز پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر صاحب کی اس قرآنی کاوش کو ایک مفید اور انقلابی کوشش سمجھتا ہوں مجھے یقین ہے کہ "مصباح القرآن" کے اس نظام اور پروگرام کے ذریعے اردو خواں دنیا میں فہم قرآن کی ایک ایسی تحریک پیدا ہو گی جو عامۃ المسلمین میں عمل و تقویٰ اور صلاح و فلاح کا ایک نیا زاویہ فکر پیدا کرے گی۔ اہل خیر سے توقع ہے کہ اس علمی اور قرآنی اسلوب کی سرپرستی اور تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دین و دنیا کی حسنات کو حاصل کریں گے۔ اللہ تعالیٰ اس کاوش کی حفاظت فرمائے اور اس کی قبولیت اور افادیت کی راہیں ہموار فرمائے۔ آمین۔

پروفیسر عبدالجبار شاکر (مرحوم)

سابق ڈپٹی ڈائریکٹر: الدعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

تقریظ

رسول اکرم ﷺ حکم الٰہی "يَاۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ" کے اولین مخاطب اور مصداق تھے۔ بعد ازاں فَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ نبوی تلقین کو محبان رسول ﷺ نے ہر دور میں جاری رکھا اسی نبوی روایت کو جاری وساری رکھتے ہوئے عامۃ الناس میں قرآنی فہم عام کرنے ، عمل کا جذبہ اُبھارنے کے لیے ذوق وشوق اور جہدِ مسلسل الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی کا خاصہ ہے۔ "مصباح القرآن" پہلے ایک ایک پارے کی صورت میں اور اب پانچ پاروں کی شکل میں ان کی محنت، لگن اور اخلاص کا ثمر ہے۔ یقیناً ہزاروں لوگ قرآن مجید کے اس آسان طریقِ تفہیم سے قرآنی تعلیمات کو سمجھ رہے ہیں۔

قرآنِ عظیم رب کریم کی ایسی کتاب ہے جو سارے انسانوں کے لیے ہدایت ، قیامت تک کے لیے موجود اور محفوظ۔ ہدایت کے ہر طلب گار کے لیے آسان فہم ہے جسے خالق کائنات نے کثافتوں اور ملاوٹوں سے پاک رکھا۔ جس کی تازگی اور شفافیت ساڑھے چودہ سو سال گزرنے کے بعد بھی برقرار ہے۔ ایسا کیوں نہ ہو؟ قیامت تک اس چشمہ صافی سے پیاسوں نے سیراب ہونا ہے۔ گم کردہ راہ مسافروں نے نورِ ہدایت حاصل کر کے منزل کو پانا ہے۔

کتابِ ہدایت کے لیے حفاظت کا الٰہی بندوبست کچھ ایسا ہوا کہ نزول کے آغاز سے ہی اوراق میں محفوظ ، سینوں میں محفوظ ، ہر آیت اور ہر سورۃ محفوظ ، اور یوں پورا قرآن محفوظ "ایک مثالی زندگی" کے شب وروز اور ماہ وسال میں آپ کی رفیقہ حیات، یارِ غار رسول ﷺ کی بیٹی ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ کی گواہی "كَانَ خُلُقُهُ الْقُرْاٰنُ" کی صورت جس پر "لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ" کی خدائی مہرِ تصدیق ثبت ہو چکی۔ مزید براں لاکھوں منوّر چہروں اور معطّر قلوب سے متصف صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین پر مشتمل ایمان افروز معاشرہ "آیاتِ قرآنیہ" کے موجود اور محفوظ ہونے کا عملی گواہ ہے۔ ﴿اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ﴾ پہلے قرآنی سبق کے نزول کے ساتھ روزِ اول سے فلاحِ دارین کے لیے قرآنی تعلیمات کا فہم لازم اور عمل واجب قرار پایا۔ چنانچہ قرآنی تحفیظ وتعلیم، تفسیر وتفہیم اور تیسیر وتسہیل کا عمل ایک ناگزیر ضرورت ہے۔ اور اس سارے عمل نے ایک تحریک کی شکل اختیار کر لی، تفسیریں لکھی گئیں اور مختلف زبانوں میں قرآن کے ترجمے کیے گئے۔ برصغیر پاک وہند میں فارسی اور اردو ترجمہ کی روایت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ محدث دہلوی اور ان کے بیٹوں نے ڈالی۔ بعدہٗ اللہ کے بیسیوں بندوں نے لوگوں میں قرآن فہمی کے لیے عربی دانی کا ذوق وشوق پیدا کیا تاکہ اللہ کی کتاب کو براہ راست سمجھا جا سکے۔ گلی گلی، شہر شہر، قرآن وحدیث کی مبارک محفلیں برپا ہوئیں۔ عالم اسلام میں خاص طور پر اور کرۂ ارض پر عام طور پر جگہ جگہ یہ سلسلہ نہ صرف قائم ہے بلکہ روز افزوں ہے۔

اُردو جاننے اور بولنے والے قرآن فہمی کے لاکھوں شائقین کے لیے فہمِ قرآن کی ایک "طرح" جناب پروفیسر عبدالرحمن طاہر مدنی صاحب نے ڈالی ہے۔ "مصباح القرآن" میں اردو ترجمہ کو قرآن کے عربی متون کے بالمقابل تین رنگوں میں کچھ اس طرح پیش کیا گیا ہے کہ قرآن کا فہم آسان تر ہو جاتا ہے۔ اردو خواں قاری قرآن اور عربی الفاظ سے کچھ یوں مانوس ہو تا جاتا ہے کہ عربی زبان سے اس کی "نفسیاتی وحشت" دور ہوتی جاتی ہے اور تسہیل کے رنگین اشاراتی اسلوب سے قرآن سینے میں اترنے لگتا ہے۔ موصوف کے ہاں قرآن کی تدریس وتفہیم کے لیے سفر وحضر، صبح وشام وقت کی کوئی قید نہیں ہے۔ جبکہ مسجدوں، کھلے پارکوں، تفریح گاہوں اور تعلیمی اداروں میں ان سے قرآن سیکھنے والے خواتین وحضرات سب ان کے شیدائی اور انکے حضور قرآن فہمی کے لیے ہمہ تن گوش رہتے ہیں۔ عام طور پر طباعت واشاعت کوئی آسان کام نہیں ہوتا، جبکہ "مصباح القرآن" جیسا مبارک کتابی سلسلہ اپنے اندر طباعت کے لحاظ سے بہت نزاکت رکھتا ہے۔ مہارت اور احتیاط کا متقاضی بھی ہے لیکن پروفیسر صاحب کے معاونین نے فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ اس ہدف کو ممکن الحصول بنا دیا ہے۔ "مصباح القرآن" کی طباعت واشاعت، فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ "مصباح القرآن" کے اس سلسلۂ اشاعت کو آسان بنانے والے یقیناً امت کے محسن اور سعید لوگ ہیں۔ اللہ کے حضور ان کی زندگیوں اور مالوں میں برکت کے لیے بے شمار دعائیں۔ بجا طور پر ریسرچ سکالرز کی ٹیم جناب محمد اکرم محمدی، حافظ سعید عمران، مدثر بن یوسف حجازی، تمام معاونین اور طباعتی واشاعتی ادارہ "بیت القرآن" اس صدقہ جاریہ کا معتبر ذریعہ ہیں۔ یقیناً محترم الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی اس قرآنی قافلے کے سالار ہیں۔ فَجَزَاهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا۔ اللہ تعالیٰ اُن کی کاوشوں کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور یہ سلسلہ کروڑوں اُردو خواں حضرات وخواتین کے لیے باعث ہدایت ورحمت بنتا رہے۔ اَللّٰهُمَّ زِدْ فَزِدْ۔

ڈاکٹر شبیر احمد منصوری

پروفیسر مسند سیرت (ر) شعبہ اسلامیات، پنجاب یونیورسٹی لاہور

تقریظ

زیرنظر کتاب "مصباح القرآن" جو کہ پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر مدنی سلمہ اللہ نے مرتب کی ہے، چیدہ چیدہ مقامات کا مطالعہ کیا ہے۔
موصوف نے اس میں قرآن کریم کے ترجمہ کو رنگوں کی مدد سے سہل انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے، تحت اللفظ اور بامحاورہ دونوں ترجمے کیے گئے ہیں، نیز حاشیہ پر قرآنی الفاظ کی وضاحت اور ان کے اردو میں استعمال کا طریقہ، عربی گرامر کے نکات و مسائل کو بھی خوبصورت انداز سے بیان کیا ہے۔
دعا ہے کہ اللہ جل شانہ موصوف کی اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، عوام الناس، علماء اور طلباء کے لیے اسے نافع بنائے اور موصوف کو اسی طرح قرآن کریم کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرماتا رہے۔ آمین۔

محتاج دعا

حافظ فضل الرحیم اشرفی

مہتمم جامعہ اشرفیہ، لاہور، پاکستان

تقریظ

پروفیسر عبدالرحمن طاہر صاحب حفظہ اللہ اُن فضلائے مدینہ یونیورسٹی میں سے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے "الجامعۃ الاسلامیہ" سے فراغت اور سعودی حکومت کی طرف سے مبعوث ہونے کے بعد اپنے ملک پاکستان میں دینی خدمت کی خصوصی توفیق سے نوازا۔ فاضل موصوف نے قرآن کریم کے معانی ومطالب کو زیادہ سے زیادہ عام فہم بنانے کے لیے عام ڈگر سے ہٹ کر کچھ نئے تجربے کیے جس کی تفصیل آپ "عرض مرتب" میں ملاحظہ فرمائیں۔
پڑھنے والوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ اسی طریقہ تعلیم کو کتابی شکل میں پیش کیا جائے تاکہ اس کا دائرہ استفادہ محدود نہ رہے، بلکہ وسیع سے وسیع تر ہو جائے اور ملک کے اطراف واکناف میں ہر جگہ قرآن فہمی کا سلسلہ اس کے ذریعے سے عام ہو جائے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا، موصوف حفظہ اللہ نے اس کے لیے پہلے دو کتابیں مرتب کیں، "مفتاح القرآن" اور "مصباح القرآن" دونوں کو اللہ تعالیٰ نے قبولیت عامہ کے شرف سے نوازا۔
"مفتاح القرآن" میں عربی گرامر کو آسان انداز میں پیش کیا اور "مصباح القرآن" میں اس کے مطابق قرآن کریم کا لفظی ترجمہ اور دیگر وہ جدتیں شامل کیں جو قرآن کریم کے فہم کو آسان سے آسان تر کر دے جس کی بابت اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے۔

﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿١٧﴾﴾ القمر 17

ایک صفحے پر خانوں میں لفظی ترجمہ اور حاشیے میں مشکل الفاظ کی وضاحت، حل لغات اور صرفی تعلیل۔ اور دوسرے صفحے پر بامحاورہ ترجمہ ہے اور اس کے حاشیے میں قرآنی الفاظ کی اُردو میں استعمال کی وضاحت دی گئی ہے۔
اس طرح "مصباح القرآن" دو ترجموں کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے، لفظی بھی اور بامحاورہ بھی اور دونوں صفحے الگ الگ فوائد کے حامل ہیں۔
اب پروفیسر صاحب نے اس کا نیا ایڈیشن تیار کیا ہے، اُمید ہے کہ وہ بہت پسند کیا جائے گا، ان شاء اللہ۔
پروفیسر صاحب موصوف کی یہ عظیم قرآنی خدمت جس طرح عندالناس مقبول ہوئی ہے، اُمید ہے عنداللہ بھی درجہ قبولیت سے سرفرازی جائے گی اور ان کے لیے اور ان کے تمام معاونین کے لیے بھی ذخیرہ آخرت اور ذریعہ نجات ثابت ہوگی۔ ان شاء اللہ

حافظ صلاح الدین یوسف

مشیر وفاقی شرعی عدالت پاکستان

عرض مرتب

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ مجھے "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیر اہتمام گلبرگ لاہور میں قرآن فہمی کی کلاسز لینے کا موقع ملا، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے میں نے گرامر کے ساتھ ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیت تحریر کرکے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کردیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں: اکثر الفاظ ہم روز مرّہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہوکر خود بخود یاد ہوجاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے اور خالص عربی زبان کے الفاظ ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ہر قسم کے قرآنی الفاظ کی شناخت کراتا، الحمدللہ اس طریقہ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم کے مشورے سے قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے ادارہ "بیت القرآن" کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کردیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بنا کر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے شائع کی، اس کے بعد "مصباح القرآن" کے نام سے ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا شروع کیا جس میں ان علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

"مصباح القرآن" کا یہ عظیم الشان پروجیکٹ 14 سال کی محنت شاقہ کے نتیجے میں 31 دسمبر 2014 کو پایۂ تکمیل تک پہنچا جو کہ الگ الگ پاروں کی شکل میں شائع ہوچکا ہے۔ الحمدللہ۔

"مصباح القرآن" کی پروف ریڈنگ کے کئی مراحل طے کیے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعویٰ نہیں کرسکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات توصرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے۔

آئندہ صفحہ پر "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتادیا گیا ہے، اگر اس طریقہ کو پیش نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاء اللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

میرے خیال میں "مصباح القرآن" اپنے منفرد اسلوب کی وجہ سے برصغیر پاک وہند میں شائع ہونے والے تمام تراجم میں سے آسان ترین اور عام فہم ترجمہ ہے، اللہ تعالیٰ اسے اُمتِ اسلامیہ کے لیے نافع اور مقبول عام فرمائے۔ آمین۔

میں تمام معاونین کا شکر گزار ہوں اور خاص طور پر "بیت القرآن ریسرچ ٹیم" کا کہ جن کی ہر مرحلے میں میرے ساتھ معاونت رہی ہے اور یہ عظیم کام پایۂ تکمیل تک پہنچا۔ آخر میں میری استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے لیے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہل خانہ، بیت القرآن ریسرچ ٹیم اور اس کار خیر میں معاونت کرنے والے تمام افراد کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر ومغفرت سے نوازے، آمین۔

عبدالرحمٰن طاہر

فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور

اُستاذ: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، قائداعظم کیمپس لاہور، پاکستان

"مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1. دائیں طرف پہلے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات "مفتاح القرآن" (لانگ کورس) اور "معلم القرآن" (شارٹ کورس) میں بیان کی جاچکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل "مفتاح القرآن" اور "معلم القرآن" کی ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جاسکتی ہے۔

2. بائیں طرف دوسرے صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم اُن الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اُردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش 65 فیصد ہیں۔ اِن الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور اِن کے اُردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کر دی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو اُردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث خود بخود یاد ہو جاتے ہیں اُن کے بارے میں بہت فکر مندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور اِنہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور بالکل نئے ہیں اُنہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور ان کو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

اس صفحہ کا ترجمہ بامحاورہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں، البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں اُنہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر سیاہ الفاظ کے اُردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے، نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہو کر خود بخود ہی یاد ہو جاتے ہیں اور صرف سرخ الفاظ یاد کر لیے جائیں تو یقیناً قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (Vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

لَا يُحِبُّ [1]	اللّٰهُ	الْجَهْرَ	بِالسُّوْٓءِ [2]	مِنَ الْقَوْلِ [3]	اِلَّا
نہیں پسند کرتا	اللہ (تعالیٰ)	علانیہ	بُری بات کو	کہنا	مگر

مَنْ	ظُلِمَ ط [4]	وَ	كَانَ [5]	اللّٰهُ	سَمِيْعًا [6]	عَلِيْمًا [6] (148)
جس پر	ظلم کیا گیا ہو	اور	ہے	اللہ	خوب سننے والا	خوب جاننے والا

اِنْ [7]	تُبْدُوْا	خَيْرًا [8]	اَوْ	تُخْفُوْهُ [10] [9]
اگر	تم سب کھلم کھلا کرو	کوئی بھلائی	یا	تم سب چھپا کر کروگے اسے

اَوْ	تَعْفُوْا	عَنْ سُوْٓءٍ	فَاِنَّ [11]	اللّٰهَ
یا	تم سب درگزر کروگے	بُرائی (قصور) سے	تو بیشک	اللہ (تعالیٰ)

كَانَ [5]	عَفُوًّا	قَدِيْرًا [6] (149)	اِنَّ [11]	الَّذِيْنَ
ہے	بہت معاف کرنے والا	بہت قدرت والا	بیشک	(وہ لوگ) جو

يَكْفُرُوْنَ	بِاللّٰهِ [2]	وَ	رُسُلِهٖ [12]	وَ	يُرِيْدُوْنَ
وہ سب انکار کرتے ہیں	اللہ (تعالیٰ) کا	اور	اسکے رسولوں (کا)	اور	وہ سب چاہتے ہیں

اَنْ [7]	يُّفَرِّقُوْا [13]	بَيْنَ اللّٰهِ	وَ	رُسُلِهٖ [12]
کہ	وہ سب تفریق کریں	اللہ کے درمیان	اور	اس کے رسولوں (کے درمیان)

وَ	يَقُوْلُوْنَ	نُؤْمِنُ	بِبَعْضٍ [2]	وَّ	نَكْفُرُ
اور	وہ سب کہتے ہیں	ہم مانتے ہیں	بعض کو	اور	ہم انکار کرتے ہیں

بِبَعْضٍ [2]	وَّ	يُرِيْدُوْنَ	اَنْ [7]	يَّتَّخِذُوْا	بَيْنَ ذٰلِكَ [14]
بعض کا	اور	وہ سب چاہتے ہیں	کہ	وہ سب اختیار کرلیں	اس کے درمیان

سَبِيْلًا [8] لا (150)	اُولٰٓئِكَ [14]	هُمُ الْكٰفِرُوْنَ [15]	حَقًّا ج	وَ
کوئی راستہ	وہی (لوگ)	ہی سب کافر (ہیں)	حقیقی	اور

اَعْتَدْنَا [16]	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابًا	مُّهِيْنًا (151)	وَالَّذِيْنَ
ہم نے تیار کر رکھا ہے	کافروں کے لیے	عذاب	ذلت آمیز	اور (وہ لوگ) جو

اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ [2]	وَرُسُلِهٖ [12]	وَلَمْ	يُفَرِّقُوْا [17]
سب ایمان لائے	اللہ پر	اور اس کے رسولوں (پر)	اور نہیں	ان سب نے تفریق کی

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
2 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔
3 یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔
4 فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔
5 کَانَ کا ترجمہ عموماً تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔
6 اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔
7 اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے اور اَنْ کا ترجمہ کہ ہوتا ہے۔
8 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔
9 وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔
10 ہٗ یا ہُ اگر فعل کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اُسے کیا جاتا ہے۔
11 اِنَّ شروع میں تاکید کی علامت ہے۔
12 ہٖ یا ہٗ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔
13 یعنی وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کا حکم مانیں اور اس کے رسولوں کا حکم نہ مانیں۔
14 ذٰلِكَ، تِلْكَ، اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس اور اُن ہوتا ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس اور اِن بھی کر دیا جاتا ہے۔
15 هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔
16 نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔
17 یُ کا ترجمہ وہ ہوتا ہے، علامت لَمْ کے بعد ترجمہ اُس یا اُن کیا جاتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ	اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتا
الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ	علانیہ بُری بات کہنا
اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ	مگر جس پر ظلم کیا گیا ہو
وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿148﴾	اور اللہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔ ﴿148﴾
اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا	اگر تم بھلائی (کا کام) کھلم کھلا کرو گے
اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا	یا تم اسے چھپا کر کرو گے یا تم درگزر کرو گے
عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ	(کسی کے) قصور سے، تو بیشک اللہ تعالیٰ
كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿149﴾	بہت معاف کرنے والا بہت قدرت والا ہے۔ ﴿149﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ	بے شک وہ (لوگ) جو اللہ کا انکار کرتے ہیں
وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ	اور اس کے رسولوں کا اور وہ چاہتے ہیں کہ
يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ	وہ اللہ اور اسکے رسولوں کے درمیان تفریق کریں
وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ	اور کہتے ہیں ہم بعض کو مانتے ہیں
وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ	اور ہم بعض کا انکار کرتے ہیں
وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا	اور وہ چاہتے ہیں کہ اپنا لیں
بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۙ ﴿150﴾	اس (کفر اور اسلام) کے درمیان کوئی راستہ۔ ﴿150﴾
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ	وہ (لوگ) ہی حقیقی کافر ہیں
وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ	اور ہم نے کافروں کے لیے تیار کر رکھا ہے
عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿151﴾	ذلت آمیز عذاب۔ ﴿151﴾
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ	اور وہ (لوگ) جو اللہ پر ایمان لائے
وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا	اور اس کے رسولوں پر اور انہوں نے تفریق نہ کی

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

لَا	: لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
يُحِبُّ	: حب، محبوب، محبت۔
الْجَهْرَ	: جہری نماز، آمین بالجہر۔
بِالسُّوْٓءِ	: علمائے سوء، ظن سوء۔
مِنَ	: منجانب، من حیث القوم۔
الْقَوْلِ	: قول، اقوال، مقولہ۔
اِلَّا	: اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔
ظُلِمَ	: ظلم، ظالم، مظلوم۔
سَمِيْعًا	: سمع وبصر، آلہ سماعت۔
عَلِيْمًا	: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
خَيْرًا	: خیر، خیریت، خیرخواہی۔
تُخْفُوْهُ	: مخفی، خفیہ، اخفاء۔
تَعْفُوْا	: معاف، عفو ودرگزر۔
قَدِيْرًا	: قدرت، قادر، قدیر۔
يَكْفُرُوْنَ	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
رُسُلِهٖ	: رسول، مرسل، رسالت۔
يُرِيْدُوْنَ	: ارادہ، مرید، مراد۔
يُفَرِّقُوْا	: فرق، تفریق، فراق۔
بَيْنَ	: بین السطور، بین الاقوامی۔
يَقُوْلُوْنَ	: قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
نُؤْمِنُ	: امن، ایمان، مؤمن۔
بِبَعْضٍ	: بعض اوقات، بعض دفعہ۔
يَتَّخِذُوْا	: اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
بَيْنَ	: بین بین، بین السطور۔
سَبِيْلًا	: فی سبیل اللہ، سبیل نکالو۔
حَقًّا	: حق، حقیقت، حق دار۔
لِلْكٰفِرِيْنَ	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
مُّهِيْنًا	: توہین، اہانت آمیز رویّہ۔
رُسُلِهٖ	: رسول، رسالت، مرسل۔
يُفَرِّقُوْا	: فرق، تفریق، فراق۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

بَيْنَ اَحَدٍ [1]	مِّنْهُمْ	اُولٰٓئِكَ [2]	سَوْفَ	يُؤْتِيْهِمْ [3]
کسی ایک کے درمیان	ان میں سے	وہی (لوگ)	عنقریب	وہ دے گا انہیں

اُجُوْرَهُمْ [3] ط	وَ	كَانَ [4]	اللّٰهُ	غَفُوْرًا [5]
ان کے اجر	اور	ہے	اللہ (تعالیٰ)	بہت بخشنے والا

ع 21 11 1

رَّحِيْمًا [5] ع ۝152	يَسْـَٔلُكَ [6][7]	اَهْلُ الْكِتٰبِ	اَنْ
نہایت مہربان	مانگتے ہیں آپ سے	اہلِ کتاب	کہ

تُنَزِّلَ	عَلَيْهِمْ	كِتٰبًا [1]	مِّنَ السَّمَآءِ	فَقَدْ
آپ اُتار لائیں	ان پر	ایک کتاب	آسمان سے	تو یقیناً

سَاَلُوْا	مُوْسٰٓى	اَكْبَرَ [8]	مِنْ ذٰلِكَ [9]
وہ سب مانگ چکے	موسیٰ (سے)	زیادہ بڑی (چیز)	اس سے

فَقَالُوْٓا	اَرِنَا اللّٰهَ [10]	جَهْرَةً [11]	فَاَخَذَتْهُمُ [11][3]
پس سب نے کہا	تو دکھا ہمیں اللہ	سامنے (لاکر)	تو پکڑا ان کو

الصّٰعِقَةُ [11]	بِظُلْمِهِمْ [12][3] ج	ثُمَّ	اتَّخَذُوا
کڑک (نے)	ان کے ظلم کی وجہ سے	پھر	ان سب نے بنالیا

الْعِجْلَ [13]	مِنْۢ بَعْدِ مَا [14][15]	جَآءَتْهُمُ [11][3]	الْبَيِّنٰتُ [11]
بچھڑے کو (معبود)	(اس کے) بعد کہ	آچکی تھیں ان کے پاس	کھلی نشانیاں

فَعَفَوْنَا [16]	عَنْ ذٰلِكَ [9] ج	وَ	اٰتَيْنَا [16]	مُوْسٰى
تو ہم نے درگزر کیا	اس سے	اور	ہم نے دیا	موسیٰ (کو)

سُلْطٰنًا	مُّبِيْنًا ۝153	وَ	رَفَعْنَا [16]	فَوْقَهُمُ [3]
غلبہ	واضح	اور	ہم نے اٹھایا	ان کے اُوپر

الطُّوْرَ [13]	بِمِيْثَاقِهِمْ [12][3]	وَ	قُلْنَا [16]	لَهُمُ
طور (پہاڑ کو)	ان سے عہد لینے کو	اور	ہم نے کہا	ان سے

ادْخُلُوا	الْبَابَ [13]	سُجَّدًا	وَّقُلْنَا [16]	لَهُمْ
سب داخل ہونا	دروازے (سے)	سجدہ کرتے ہوئے	اور ہم نے کہا	ان سے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1. ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔
2. اُولٰٓئِكَ یہ علامت بات میں زور ڈالنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔
3. هُمْ یا هِمْ اگر فعل کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اُنہیں یا اُن کو اور اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ ان کا، ان کی، ان کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔
4. كَانَ کا ترجمہ عموماً تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔
5. اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔
6. یہ فعل واحد ہے ضرور تاً ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔
7. یہاں یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
8. اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔
9. ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔
10. فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر زیر ہو تو ترجمہ ہمیں کیا جاتا ہے۔
11. ة، ات اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
12. بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔
13. فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔
14. اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ ہو تو اس مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔
15. اگر لفظ بَعْدِ کے بعد مَا ہو تو اس مَا کا ترجمہ کہ کیا جاتا ہے۔
16. فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر ساکن حرف ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

ع 21 / 11 / 1

بَيۡنَ اَحَدٍ مِّنۡهُمۡ	ان میں سے کسی ایک کے درمیان
اُولٰٓـئِكَ سَوۡفَ	وہی (لوگ ہیں کہ) عنقریب
يُؤۡتِيۡهِمۡ اُجُوۡرَهُمۡ ؕ	وہ اُنہیں اُن کے اجر دے گا
وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوۡرًا رَّحِيۡمًا ﴿152﴾	اور اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ ﴿152﴾ ع
يَسۡـئَلُكَ اَهۡلُ الۡكِتٰبِ اَنۡ	آپ سے اہل کتاب (یہ نشانی) مانگتے ہیں کہ
تُنَزِّلَ عَلَيۡهِمۡ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ	آپ اُن پر آسمان سے ایک کتاب اُتار لائیں
فَقَدۡ سَاَلُوۡا مُوۡسٰٓى	سو یقیناً یہ موسیٰ (علیہ السلام) سے مانگ چکے ہیں
اَكۡبَرَ مِنۡ ذٰلِكَ	اس سے زیادہ بڑی (نشانی)
فَقَالُوۡۤا اَرِنَا اللّٰهَ	پس انہوں نے کہا تو ہمیں اللہ دکھا
جَهۡرَةً فَاَخَذَتۡهُمُ	ظاہری طور پر (سامنے لا کر) تو اُنہیں آ پکڑا
الصّٰعِقَةُ بِظُلۡمِهِمۡ ۚ	(بجلی کی) کڑک نے اُن کے ظلم کی وجہ سے
ثُمَّ اتَّخَذُوا الۡعِجۡلَ	پھر اُنہوں نے بچھڑے کو (معبود) بنالیا
مِنۡۢ بَعۡدِ مَا	اس کے بعد کہ
جَآءَتۡهُمُ الۡبَيِّنٰتُ	اُن کے پاس کھلی نشانیاں آچکی تھیں
فَعَفَوۡنَا عَنۡ ذٰلِكَ ۚ	تو ہم نے اس سے درگزر کیا
وَاٰتَيۡنَا مُوۡسٰى سُلۡطٰنًا مُّبِيۡنًا ﴿153﴾	اور ہم نے موسیٰ کو واضح غلبہ دیا۔ ﴿153﴾
وَرَفَعۡنَا فَوۡقَهُمُ الطُّوۡرَ	اور ہم نے اُن کے اوپر طور (پہاڑ) کو اُٹھا کھڑا کیا
بِمِيۡثَاقِهِمۡ وَقُلۡنَا لَهُمُ	اُن سے عہد لینے کے لیے اور ہم نے اُن سے کہا
ادۡخُلُوا الۡبَابَ سُجَّدًا	دروازے سے سجدہ کرتے ہوئے داخل ہونا
وَّقُلۡنَا لَهُمۡ	اور ہم نے اُن سے کہا

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

بَيۡنَ	: بین بین، بین الاقوامی۔
اَحَدٍ	: واحد، احد، توحید، موحّد۔
مِّنۡهُمۡ	: منجانب، من حیث القوم۔
اُجُوۡرَهُمۡ	: اجر وثواب، اُجرت۔
وَ	: شام وسحر، رحم وکرم۔
غَفُوۡرًا	: مغفرت، استغفار۔
رَّحِيۡمًا	: رحمت، رحم، رحیم، مرحوم۔
يَسۡـئَلُكَ	: سوال، سائل، مسئول۔
اَهۡلُ	: اہل کتاب، اہل خانہ۔
تُنَزِّلَ	: نازل، نزول، انزال۔
عَلَيۡهِمۡ	: علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
السَّمَآءِ	: ارض وسما، کتب سماویہ۔
سَاَلُوۡا	: سوال، سائل، مسئول۔
اَكۡبَرَ	: کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
فَقَالُوۡۤا	: قول، اقوال، مقولہ۔
اَرِنَا	: رؤیت ہلال، رؤیت باری۔
جَهۡرَةً	: جہری نمازیں، آمین بالجہر۔
فَاَخَذَتۡهُمُ	: اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
بِظُلۡمِهِمۡ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
الۡبَيِّنٰتُ	: دلیل بین، مبیّنہ طور پر۔
فَعَفَوۡنَا	: معاف، معافی، عفو ودرگزر۔
سُلۡطٰنًا	: سلطان، سلطانی گواہ۔
مُّبِيۡنًا	: دلیل بین، مبیّنہ طور پر۔
رَفَعۡنَا	: رفعت، سطح مرتفع۔
فَوۡقَهُمۡ	: فوقیت، مافوق الفطرت۔
الطُّوۡرَ	: جبل طور، طور (پہاڑ)۔
بِمِيۡثَاقِهِمۡ	: امید واثق، میثاق، وثوق۔
ادۡخُلُوۡا	: داخل، داخلہ، مداخلت۔
الۡبَابَ	: باب، ابواب، باب خیبر۔
سُجَّدًا	: سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔

لَا تَعْدُوْا [1]	فِي السَّبْتِ [2]	وَ	اَخَذْنَا	مِنْهُمْ
مت تم سب تجاوز کرو	ہفتے (کے دن) میں	اور	ہم نے لیا	ان سے
مِّيْثَاقًا	غَلِيْظًا (154)	فَبِمَا نَقْضِهِمْ [3][4][5]	مِّيْثَاقَهُمْ [5]	وَ
ایک عہد	مضبوط	تو ان کے توڑنے کے سبب	اپنے عہد (کو)	اور
كُفْرِهِمْ [5]	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ [4][6]	وَ	قَتْلِهِمُ [5]	
ان کے انکار کرنے (کے سبب)	اللہ کی آیات کا	اور	ان کے قتل کرنے (کی وجہ سے)	
الْاَنْۢبِيَآءَ	بِغَيْرِ حَقٍّ	وَّ	قَوْلِهِمْ [5]	قُلُوْبُنَا
نبیوں (کو)	حق کے بغیر	اور	ان کے یہ کہنے (کی وجہ سے کہ)	ہمارے دلوں (پر)
غُلْفٌ ؕ	بَلْ	طَبَعَ	اللّٰهُ [7]	عَلَيْهَا
پردے (ہیں)	بلکہ	مہر لگادی	اللہ (نے)	ان پر
بِكُفْرِهِمْ [4][5]	فَلَا	يُؤْمِنُوْنَ [8]	اِلَّا	قَلِيْلًا (155) ص
ان کے کفر کی وجہ سے	پس نہیں	وہ سب ایمان لاتے	مگر	بہت کم
وَّ	بِكُفْرِهِمْ [4][5]	وَ	قَوْلِهِمْ [5]	عَلٰى مَرْيَمَ
اور	ان کے کفر کی وجہ سے	اور	ان کے بات کہنے (کی وجہ سے)	مریم پر
بُهْتَانًا عَظِيْمًا (156) لا	وَّ	قَوْلِهِمْ [5]	اِنَّا [9]	قَتَلْنَا
بڑے بہتان (کی)	اور	ان کے کہنے (کی وجہ سے کہ)	بیشک ہم	ہم نے قتل کیا
الْمَسِيْحَ [10]	عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ [10]	رَسُوْلَ اللّٰهِ ج	وَ [11]	
مسیح	عیسیٰ بن مریم (کو)	(جو) اللہ کے رسول (ہیں)	حالانکہ	
مَا	قَتَلُوْهُ [12]	وَمَا	صَلَبُوْهُ [12]	
نہ	ان سب نے قتل کیا اسے	اور نہ	ان سب نے سولی پر چڑھایا اسے	
وَ	لٰكِنْ	شُبِّهَ [13]	لَهُمْ ؕ [14]	وَاِنَّ
اور	لیکن	شبہے میں ڈال دیا گیا	ان کو	اور بیشک
الَّذِيْنَ	اخْتَلَفُوْا	فِيْهِ	لَفِيْ شَكٍّ	مِّنْهُ ؕ
(وہ لوگ) جن	سب نے اختلاف کیا	اس میں	یقیناً شک میں ہیں	اس (بارے) میں

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

[2] اس میں اشارہ ہے ان لوگوں کی طرف جنہیں ہفتے کے دن مچھلی کے شکار سے منع کیا گیا تھا۔

[3] فَبِمَا میں مَا زائد ہے اس کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔

[4] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[5] هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔

[6] ات، ة اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[7] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

[8] لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

[9] اِنَّا دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے، یہاں تخفیف کے لیے ایک نون محذوف ہے۔

[10] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

[11] وَ کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے کبھی حالانکہ یا جبکہ کبھی قسم ہے بھی کیا جاتا ہے۔

[12] علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

[13] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[14] لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے • نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے • کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

لَا تَعۡدُوۡا فِی السَّبۡتِ	ہفتے کے دن میں تجاوز مت کرو
وَ اَخَذۡنَا مِنۡہُمۡ مِّیۡثَاقًا غَلِیۡظًا ﴿154﴾	اور ہم نے اُن سے ایک مضبوط عہد لیا۔ ﴿154﴾
فَبِمَا نَقۡضِہِمۡ مِّیۡثَاقَہُمۡ	تو اُن کے اپنے عہد کو توڑنے کے سبب
وَ کُفۡرِہِمۡ بِاٰیٰتِ اللّٰہِ	اور اُنکے اللہ کی آیات کا انکار کرنے (کی وجہ سے)
وَ قَتۡلِہِمُ الۡاَنۡۢبِیَآءَ بِغَیۡرِ حَقٍّ	اور ان کے اپنے نبیوں کو ناحق قتل کرنے (کی وجہ سے)
وَّ قَوۡلِہِمۡ قُلُوۡبُنَا	اور ان کے یہ کہنے (کی وجہ سے کہ) ہمارے دلوں پر
غُلۡفٌ ؕ بَلۡ طَبَعَ اللّٰہُ	پردے ہیں، بلکہ اللہ نے مہر لگادی ہے
عَلَیۡہَا بِکُفۡرِہِمۡ	اُن پر اُن کے کفر کی وجہ سے
فَلَا یُؤۡمِنُوۡنَ اِلَّا قَلِیۡلًا ﴿155﴾	پس وہ بہت ہی کم ایمان لاتے ہیں۔ ﴿155﴾
وَّ بِکُفۡرِہِمۡ	اور اُن کے کفر کرنے کی وجہ سے
وَ قَوۡلِہِمۡ عَلٰی مَرۡیَمَ	اور اُن کے بات کہنے (کی وجہ سے) مریم پر
بُہۡتَانًا عَظِیۡمًا ﴿156﴾	بہت بڑے بہتان کی۔ ﴿156﴾
وَّ قَوۡلِہِمۡ اِنَّا قَتَلۡنَا	اور اُنکے یہ کہنے (کی وجہ سے) کہ بیشک ہم نے ہی قتل کیا
الۡمَسِیۡحَ عِیۡسَی ابۡنَ مَرۡیَمَ	مسیح عیسیٰ ابن مریم کو
رَسُوۡلَ اللّٰہِ ۚ	(جو) اللہ کے رسول ہیں
وَ مَا قَتَلُوۡہُ	حالانکہ نہ اُنہوں نے اُسے قتل کیا
وَ مَا صَلَبُوۡہُ	اور نہ اُنہوں نے اُسے سولی پر چڑھایا
وَ لٰکِنۡ شُبِّہَ لَہُمۡ ؕ وَ اِنَّ	اور لیکن اُن کو شبہے میں ڈال دیا گیا، اور بیشک
الَّذِیۡنَ اخۡتَلَفُوۡا فِیۡہِ	وہ (لوگ) جنہوں نے اس میں اختلاف کیا
لَفِیۡ شَکٍّ مِّنۡہُ ؕ	یقیناً اس بارے میں شک میں ہیں

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
تَعۡدُوۡا : متعدی، تعدی۔
مِنۡہُمۡ : منجانب، من وعن۔
مِّیۡثَاقًا : میثاق، میثاق مدینہ، وثوق۔
نَقۡضِہِمۡ : نقیض، نقض عہد۔
وَ : رحم وکرم، شان وشوکت۔
کُفۡرِہِمۡ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
بِاٰیٰتِ : آیت، آیات قرآنی۔
قَتۡلِہِمُ : قتل، قتال، مقتول۔
بِغَیۡرِ : دیار غیر، غیر اللہ۔
حَقٍّ : حق، حقیت، حق دار۔
قَوۡلِہِمۡ : قول، اقوال، مقولہ۔
قُلُوۡبُنَا : قلبی تعلق، قلوب واذہان۔
غُلۡفٌ : غلاف، غلاف کعبہ۔
بَلۡ : بلکہ۔
طَبَعَ : طبع، طباعت، مطبوع۔
عَلَیۡہَا : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
فَلَا : لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
یُؤۡمِنُوۡنَ : امن، ایمان، مؤمن۔
اِلَّا : الا قلیل، الا یہ کہ۔
قَلِیۡلًا : قلیل، قلت، قلیل مدت۔
بُہۡتَانًا : بہتان، بہتان بازی۔
عَظِیۡمًا : عظمت، اجر عظیم، تعظیم۔
الۡمَسِیۡحَ : مسیح موعود، مسیحا۔
ابۡنَ : ابن عمر، ابن قاسم۔
صَلَبُوۡہُ : صلیب، مصلوب۔
شُبِّہَ : مشابہ، تشابہ، مشابہت۔
اخۡتَلَفُوۡا : خلاف، مخالف، اختلاف۔
فِیۡہِ : فی الحال، فی الفور، فی الواقع۔
شَکٍّ : شک، بے شک، مشکوک۔

مَا	لَهُمْ	بِهٖ [1]	مِنْ عِلْمٍ [2][3]	اِلَّا
نہیں	ان کے لیے	اس کا	کوئی علم	سوائے

اتِّبَاعَ الظَّنِّ ج	وَ	مَا	قَتَلُوْهُ [4][5]	يَقِيْنًا لا (157)
گمان کی پیروی (کے)	اور	نہیں	ان سب نے قتل کیا اُسے	یقیناً

بَلْ	رَّفَعَهُ [5]	اللّٰهُ	اِلَيْهِ ط	وَ	كَانَ
بلکہ	اُٹھالیا اسے	اللہ (نے)	اپنی طرف	اور	ہے

اللّٰهُ	عَزِيْزًا [6]	حَكِيْمًا [6] (158)	وَ	اِنْ [7]
اللہ (تعالیٰ)	بہت غالب	بہت حکمت والا	اور	نہیں

مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	اِلَّا	لَيُؤْمِنَنَّ [8]	بِهٖ [1]
(کوئی) اہل کتاب میں سے	مگر	ضرور بالضرور وہ ایمان لے آئے گا	اُس (عیسیٰ) پر

قَبْلَ مَوْتِهٖ ج [5]	وَ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ [9]	يَكُوْنُ	عَلَيْهِمْ
اُس کی موت سے پہلے	اور	قیامت کے دن	وہ ہوگا	ان پر

شَهِيْدًا ج (159)	فَبِظُلْمٍ [1]	مِّنَ الَّذِيْنَ	هَادُوْا
گواہ	تو ظلم کی وجہ سے	(ان لوگوں کی طرف) سے جو	سب یہودی ہوئے

حَرَّمْنَا [10]	عَلَيْهِمْ	طَيِّبٰتٍ [9]	اُحِلَّتْ [9][11]
ہم نے حرام کردیں	ان پر	پاکیزہ (چیزیں جو)	حلال کی گئی (تھیں)

لَهُمْ	وَ	بِصَدِّهِمْ [1]	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	كَثِيْرًا لا (160)
ان کے لیے	اور	ان کے روکنے کی وجہ سے	اللہ کی راہ سے	کثرت (سے)

وَّ	اَخْذِهِمُ	الرِّبٰوا	وَقَدْ [12]	نُهُوْا [13]
اور	ان کے لینے (کی وجہ سے)	سود	حالانکہ یقیناً	وہ سب منع کئے گئے (تھے)

عَنْهُ	وَ	اَكْلِهِمْ	اَمْوَالَ النَّاسِ	بِالْبَاطِلِ ط [1]
اس سے	اور	ان کے کھانے (کی وجہ سے)	لوگوں کے مال	باطل (طریقے) سے

وَ	اَعْتَدْنَا [10]	لِلْكٰفِرِيْنَ	مِنْهُمْ	عَذَابًا اَلِيْمًا [6] (161)
اور	ہم نے تیار کیا ہے	کافروں کے لیے	ان میں سے	بہت درد دینے والا عذاب

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

2 یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

3 ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اس لیے ترجمہ کوئی، ایک، کچھ یا کسی کیا جاسکتا ہے۔

4 علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے

5 ہٗ یا ہٖ اگر فعل کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اسے یا اس کو اور اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

6 اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت کیا گیا ہے۔

7 اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

8 فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ضرور بالضرور کیا گیا ہے۔

9 ۃ، ات اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

10 فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر سکون والا حرف ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

11 فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

12 وَ کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے، کبھی حالانکہ یا قسم ہے بھی ترجمہ ہوتا ہے۔

13 نُھُوْا اصل میں نُھِیُوْا تھا، گرامر کے اصول کے مطابق نُھُوْا ہو گیا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ	اُن کے پاس اس کا کوئی علم نہیں
اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ	سوائے گمان کی پیروی کے
وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ۙ﴿157﴾	اور اُنھوں نے اُسے یقیناً قتل نہیں کیا۔﴿157﴾
بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ؕ	بلکہ اللہ نے اُسے اپنی طرف اُٹھالیا
وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿158﴾	اور اللہ تعالیٰ بہت غالب بڑی حکمت والا ہے۔﴿158﴾
وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	اور نہیں ہے کوئی اہل کتاب میں سے
اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ	مگر ضرور بالضرور وہ اُس (عیسیٰ) پر ایمان لے آئے گا
قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اُس کی موت سے پہلے، اور قیامت کے دن
يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ۚ﴿159﴾	وہ (عیسیٰ) اُن پر گواہ ہوں گے۔﴿159﴾
فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ	تو اُن (لوگوں) کے ظلم (شرارتوں) کی وجہ سے جو
هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ	یہودی ہوئے ہم نے اُن پر حرام کردیں
طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ	وہ پاکیزہ چیزیں (جو) اُن کے لیے حلال کی گئی تھیں
وَبِصَدِّهِمْ	اور اُن کے روکنے کی وجہ سے
عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ۙ﴿160﴾	اللہ کی راہ سے کثرت سے۔﴿160﴾
وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا	اور اُن کے سود لینے (کی وجہ سے)
وَقَدْ نُهُوْا عَنْهُ	حالانکہ یقیناً وہ اس سے منع کیے گئے
وَاَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ	اور اُن کے لوگوں کے مالوں کو کھانے (کی وجہ سے)
بِالْبَاطِلِ ؕ وَاَعْتَدْنَا	باطل (طریقے) سے، اور ہم نے تیار کیا ہے
لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ	ان میں سے کافروں کے لیے
عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿161﴾	دردناک عذاب۔﴿161﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

مِنْ	: منجانب، من حیث القوم۔
عِلْمٍ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
اِلَّا	: اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔
اتِّبَاعَ	: اتباع، تابع، متبع سنت۔
الظَّنِّ	: ظن سوء، بدظن، حسنِ ظن۔
قَتَلُوْهُ	: قتل، قتال، مقتول۔
يَقِيْنًا	: یقین کامل، یقینی بات، یقیناً۔
رَّفَعَهُ	: رفعت، سطح مرتفع۔
اِلَيْهِ	: مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
حَكِيْمًا	: حکیم الامت، حکمت، حکما۔
اَهْلِ	: اہل کتاب، اہل خانہ۔
الْكِتٰبِ	: اہل کتاب، کتاب اللہ۔
لَيُؤْمِنَنَّ	: امن، ایمان، مؤمن۔
قَبْلَ	: قبل از وقت، قبل الکلام۔
يَوْمَ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔
شَهِيْدًا	: شاہد، شہید، شہادت۔
فَبِظُلْمٍ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
هَادُوْا	: ہدایت، ہادیٔ کائنات۔
حَرَّمْنَا	: حرام، تحریم، حرمت۔
طَيِّبٰتٍ	: طیب وطاہر، مدینہ طیبہ۔
اُحِلَّتْ	: حلت وحرمت، رزق حلال۔
سَبِيْلِ	: فی سبیل اللہ، سبیل نکالو۔
كَثِيْرًا	: اکثر، کثرت، اکثریت۔
اَخْذِهِمْ	: اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
نُهُوْا	: نہی عن المنکر، منہیات۔
اَكْلِهِمْ	: اکل وشرب، ماکولات۔
اَمْوَالَ	: مال وجان، مالی خسارہ۔
النَّاسِ	: عوام الناس، عامۃ الناس۔
بِالْبَاطِلِ	: حق وباطل، ادیان باطلہ۔
اَلِيْمًا	: رنج والم، الم ناک حادثہ۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

لٰكِنِ	الرّٰسِخُوْنَ	فِي الْعِلْمِ	مِنْهُمْ	وَ
لیکن	(جو) سب پختہ (ہیں)	علم میں	ان میں سے	اور

الْمُؤْمِنُوْنَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِمَآ [1][2]	اُنْزِلَ [3]
سب مؤمن	وہ سب ایمان لاتے ہیں	(اس) پر جو	نازل کیا گیا

اِلَيْكَ	وَ	مَآ [2]	اُنْزِلَ [3]	مِنْ قَبْلِكَ	وَ
آپ کی طرف	اور	جو	نازل کیا گیا	آپ سے پہلے	اور

الْمُقِيْمِيْنَ [4]	الصَّلٰوةَ [5]	وَ	الْمُؤْتُوْنَ [6]	الزَّكٰوةَ [5]
سب قائم کرنے والے (ہیں)	نماز	اور	سب ادا کرنیوالے (ہیں)	زکوٰۃ

وَ	الْمُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ [1]	وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ط
اور	سب ایمان لانے والے (ہیں)	اللہ پر	اور	یوم آخرت (پر)

اُولٰٓئِكَ	سَنُؤْتِيْهِمْ [7]	اَجْرًا	عَظِيْمًا ع 162	اِنَّآ [8]
یہی (لوگ)	عنقریب ضرور ہم دیں گے انہیں	اجر	بہت بڑا	بیشک ہم

اَوْحَيْنَآ [9]	اِلَيْكَ	كَمَآ [10][2]	اَوْحَيْنَآ [9]	اِلٰى نُوْحٍ
ہم نے وحی بھیجی	آپ کی طرف	جس طرح	ہم نے وحی بھیجی	نوح کی طرف

وَّ	النَّبِيّٖنَ [11]	مِنْۢ بَعْدِهٖ ج [12]	وَ	اَوْحَيْنَآ [9]
اور	سب نبیوں (کی طرف)	اس کے بعد	اور	ہم نے وحی بھیجی

اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ	وَاِسْمٰعِيْلَ	وَاِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ
ابراہیم کی طرف	اور اسماعیل	اور اسحاق	اور یعقوب

وَالْاَسْبَاطِ	وَعِيْسٰى	وَاَيُّوْبَ	وَيُوْنُسَ	وَهٰرُوْنَ
اور (اسکی) اولاد (کی طرف)	اور عیسٰی	اور ایوب	اور یونس	اور ہارون

وَسُلَيْمٰنَ ج	وَاٰتَيْنَا [9]	دَاوٗدَ [13]	زَبُوْرًا ج 163	وَرُسُلًا
اور سلیمان (کی طرف)	اور ہم نے دی	داوٗد (کو)	زبور	اور (بہت سے) رسول (ہیں)

قَدْ	قَصَصْنٰهُمْ	عَلَيْكَ	مِنْ قَبْلُ	وَرُسُلًا
یقیناً	ہم بیان کر چکے ہیں اُنہیں	آپ پر	(اس) سے قبل	اور کئی رسول (ایسے ہیں کہ)

ع 22 10 2

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔

2 مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

3 فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

4 یہ دراصل مُقْوِمِيْنَ تھا، اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے گرامر کے اصول کے مطابق اَلْمُقِيْمُوْنَ ہونا چاہیے تھا، تعظیم کی وجہ سے اَلْمُقِيْمِيْنَ استعمال ہوا ہے۔

5 ة، ات اور تُ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

6 یہ دراصل اَلْمُؤْتِيُوْنَ تھا، اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے، یِ کی پیش پچھلے حرف کو دیکر اُسے حذف کیا گیا ہے۔

7 فعل کے شروع میں سَ میں عنقریب ضرور کا مفہوم ہوتا ہے۔

8 اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، یہاں تخفیف کے لیے ایک نون محذوف ہے۔

9 فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر ساکن حرف ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

10 كَ شروع میں تشبیہ کے لیے استعمال ہوتا ہے، ترجمہ مثل، مانند، جیسے یا کی طرح کیا جاتا ہے۔

11 اصل میں اَلنَّبِيِّيْنَ تھا اگر یْ ساکن سے پہلے زیر ہو تو اسے کھڑی زیر سے بھی ظاہر کر لیتے ہیں۔

12 لفظ بَعْدِ سے پہلے اگر مِنْ ہو تو مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

13 فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ	لیکن ان (یہودیوں) میں سے (جو) علم میں پختہ ہیں
وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ	اور (وہ جو) مؤمن ہیں وہ ایمان لاتے ہیں
بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ	اس پر جو آپ کی طرف نازل کیا گیا
وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ	اور جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا
وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ	اور نماز قائم کرنے والے ہیں
وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ	اور زکوٰۃ ادا کرنے والے ہیں
وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ	اور اللہ پر ایمان لانے والے ہیں
وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ط اُولٰٓئِكَ	اور یوم آخرت (پر بھی ایمان لانے والے ہیں) یہی وہ (لوگ ہیں)
سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ع ﴿162﴾	(کہ) عنقریب ہم اُنہیں اجر عظیم دیں گے۔ ع ﴿162﴾
اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ	بے شک ہم نے آپ کی طرف وحی بھیجی
كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ	جیسا کہ ہم نے نوح (کی طرف) وحی بھیجی
وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ج	اور اس کے بعد (دوسرے) نبیوں کی طرف
وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ	اور ہم نے ابراہیم اور اسماعیل کی طرف وحی بھیجی
وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ	اور اسحاق اور یعقوب اور (اس کی) اولاد (کی طرف
وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ	اور عیسیٰ اور ایوب اور یونس (کی طرف
وَهٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ ج	اور ہارون اور سلیمان (کی طرف
وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ج ﴿163﴾	اور ہم نے داؤد کو زبور دی۔ ﴿163﴾
وَرُسُلًا قَدْ	اور (ہم نے بھیجے) بہت سے رسول یقیناً
قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ	ہم اُنہیں (یعنی ان کا حال) آپ پر بیان کر چکے ہیں
مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا	اس سے قبل، اور کئی رسول ہیں (ایسے ہیں کہ)

ع 22 10 2

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

لٰكِنِ	: لیکن۔
الرّٰسِخُوْنَ	: رسوخ، راسخ العلم۔
وَ	: رحم وکرم، شان وشوکت۔
الْمُؤْمِنُوْنَ	: امن، ایمان، مؤمن۔
بِمَآ	: ماحول، ماتحت، ماجرا۔
اُنْزِلَ	: نازل، نزول، انزال۔
اِلَيْكَ	: مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
مِنْ	: منجانب، من وعن۔
قَبْلِكَ	: قبل از وقت، قبل الکلام۔
الْمُقِيْمِيْنَ	: قائم، قیام، مقیم، قیامت۔
الصَّلٰوةَ	: صوم وصلوٰۃ، مصلّٰی۔
الزَّكٰوةَ	: تزکیہ نفس، زکوٰۃ۔
الْيَوْمِ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔
الْاٰخِرِ	: یوم آخرت، اُخروی زندگی۔
اَجْرًا	: اجر وثواب، اُجرت۔
عَظِيْمًا	: عظمت، اجر عظیم، تعظیم۔
اَوْحَيْنَآ	: وحی متلو، وحی الٰہی۔
اِلَيْكَ	: مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
كَمَآ	: کماحقہ، کالعدم۔
اَوْحَيْنَآ	: وحی متلو، وحی الٰہی۔
اِلٰى	: مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
النَّبِيّٖنَ	: نبی، نبوت، انبیائے کرام۔
مِنْ	: منجانب، من وعن۔
بَعْدِهٖ	: بعد از طعام، بعد نمازِ عشاء۔
الْاَسْبَاطِ	: سبطِ علی، سبطین۔
زَبُوْرًا	: زبور، زبر۔
رُسُلًا	: رسول، مرسل، رسالت۔
قَصَصْنٰهُمْ	: قصہ گوئی، قصص القرآن۔
عَلَيْكَ	: علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
قَبْلُ	: قبل از وقت، قبل الکلام۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

لَمۡ [1]	نَقۡصُصۡهُمۡ	عَلَيۡكَ ؕ	وَ	كَلَّمَ اللّٰهُ [2]
نہیں	ہم نے بیان کیا اُن کو	آپ پر	اور	اللہ (تعالیٰ) نے بات کی

مُوۡسٰى	تَكۡلِيۡمًا ۚ (164) [3]	رُسُلًا	مُّبَشِّرِيۡنَ [4]
موسیٰ (سے)	بات کرنا	(ہم نے بھیجا) رسولوں (کو)	سب خوش خبری دینے والے

وَ	مُنۡذِرِيۡنَ [4]	لِئَلَّا [5]	يَكُوۡنَ [6]	لِلنَّاسِ
اور	سب ڈرانے والے (بناکر)	تاکہ نہ	ہو	لوگوں کے لیے

عَلَى اللّٰهِ	حُجَّةٌ ۢ [7]	بَعۡدَ الرُّسُلِ ؕ	وَ	كَانَ [8]
اللہ (تعالیٰ) پر	کوئی حجت	رسولوں (کے آنے) کے بعد	اور	ہے

اللّٰهُ	عَزِيۡزًا [9]	حَكِيۡمًا (165) [9]	لٰكِنِ اللّٰهُ	يَشۡهَدُ [6]
اللہ (تعالیٰ)	بہت غالب	کمال حکمت والا	لیکن اللہ	گواہی دیتا ہے

بِمَاۤ	اَنۡزَلَ [10]	اِلَيۡكَ	اَنۡزَلَهٗ [11] [10]
(اس کتاب) کی جو	اس نے نازل کی	آپ کی طرف	اس نے نازل کیا ہے اسے

بِعِلۡمِهٖ ۚ [11]	وَ	الۡمَلٰٓئِكَةُ [12]	يَشۡهَدُوۡنَ ؕ	وَكَفٰى
اپنے علم سے	اور	فرشتے (بھی)	وہ سب گواہی دیتے ہیں	اور کافی ہے

بِاللّٰهِ [13]	شَهِيۡدًا ؕ (166)	اِنَّ الَّذِيۡنَ [14]	كَفَرُوۡا	وَ
اللہ (تعالیٰ)	(بطور) گواہ	بیشک (وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا	اور

صَدُّوۡا	عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ	قَدۡ [14]	ضَلُّوۡا	ضَلٰلًاۢ
سب نے روکا	اللہ کے راستے سے	یقیناً	وہ سب گمراہ ہوگئے	گمراہی (میں)

بَعِيۡدًا (167)	اِنَّ [14]	الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا	وَ
دور (کی)	بیشک	(وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا	اور

ظَلَمُوۡا	لَمۡ	يَكُنِ [6]	اللّٰهُ	لِيَغۡفِرَ [15]
ان سب نے ظلم کیا	نہیں	ہے	اللہ	یہ کہ وہ بخشے

لَهُمۡ [16]	وَلَا	لِيَهۡدِيَهُمۡ [15]	طَرِيۡقًا ۙ (168)
ان کو	اور نہ	یہ کہ وہ ہدایت دے اُنہیں	(سیدھے) راستے (کی)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 لَمۡ کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

2 فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

3 تَكۡلِيۡمًا پہلے موجود فعل كَلَّمَ کا مصدر ہے، تاکید کے لیے استعمال ہوا ہے۔

4 اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

5 لِئَلَّا دراصل لِ + اَنۡ + لَا کا مجموعہ ہے یہاں اَنۡ کے ترجمہ کی ضرورت نہیں۔

6 یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

7 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔

8 كَانَ کا ترجمہ عموماً تھا کبھی ہوا اور کبھی ہے بھی کیا جاتا ہے۔

9 اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

10 یہاں فعل کے شروع میں أ معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے، مثلاً: نَزَلَ: وہ اُترا، اَنۡزَلَ: اس نے اُتارا۔

11 ہٗ یا ہٖ اگر فعل کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اسے اور اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

12 یہاں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ جمع کی ہے۔

13 یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

14 اِنَّ اسم کے شروع میں اور قَدۡ فعل کے شروع میں تاکید کی علامتیں ہیں۔

15 فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تاکہ یا یہ کہ کیا جاتا ہے۔

16 لَهُمۡ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہوجاتا ہے۔

لَمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ؕ	ہم نے اُن (کے حال) کو آپ پر بیان نہیں کیا
وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ۚ﴿164﴾	اور اللہ تعالیٰ نے موسیٰ سے بول کر بات کی۔ ﴿164﴾
رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ	(ہم نے بھیجا) رسولوں کو خوش خبری دینے والے
وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ	اور ڈرانے والے بنا کر تاکہ نہ ہو
لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ	لوگوں کے لیے اللہ تعالیٰ پر کوئی حجت (الزام)
بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ	رسولوں (کے آنے) کے بعد
وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿165﴾	اور اللہ بہت غالب کمال حکمت والا ہے۔ ﴿165﴾
لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ	لیکن اللہ گواہی دیتا ہے اس (کتاب) کی جو
اَنْزَلَ اِلَيْكَ	اُس نے آپ کی طرف نازل کی
اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ	(کہ) اُس نے اُسے اپنے علم سے نازل کیا ہے
وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ ؕ	اور فرشتے (بھی) گواہی دیتے ہیں
وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ؕ﴿166﴾	اور اللہ تعالیٰ بطور گواہ کافی ہے۔ ﴿166﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بے شک وہ (لوگ) جنھوں نے کفر کیا
وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اور اُنھوں نے (دوسروں کو) اللہ کے راستے سے روکا
قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ﴿167﴾	یقیناً وہ بہت دور کی گمراہی میں جا پڑے۔ ﴿167﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بے شک وہ (لوگ) جنھوں نے کفر کیا
وَظَلَمُوْا	اور اُنھوں نے ظلم کیا
8. اس فعل کا ترجمہ کبھی بُرا سمجھنا، عیب لگانا اور کبھی انتقام لینا ہوتا ہے۔
9. فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔
10. وْنَ جمع مذکر کی علامت ہے، یہاں اس کے الگ ترجمہ کی ضرورت نہیں۔
11. یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں، شَرٌّ کبھی بطور عام اسم استعمال ہوتا ہے تو ترجمہ برائی ہوتا ہے اور کبھی بطور وصف استعمال ہوتا ہے تو وہ دراصل اَشَرُّ اسم تفضیل ہوتا ہے یعنی زیادہ بُرا یہاں وہی ہے۔
12. یہاں ة واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ جمع کے لیے ہے۔
13. اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا	تمہارے دین کو مذاق اور کھیل
مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ	اُن (لوگوں) میں سے جو کتاب دیئے گئے
مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ ۚ	تم سے پہلے اور کفار کو (بھی) دوست (مت بناؤ)
وَاتَّقُوا اللّٰهَ	اور تم اللہ سے ڈرتے رہو
اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (57)	اگر تم مؤمن ہو۔ (57)
وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ	اور جب تم (اذان کہہ کر) نماز کی طرف پکارتے ہو
اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ۭ	یہ اُس کو مذاق اور کھیل بنا لیتے ہیں
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ	یہ اس وجہ سے کہ بیشک وہ (ایسی) قوم ہے (کہ)
لَّا يَعْقِلُوْنَ (58) قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	وہ عقل نہیں رکھتے۔ (58) کہہ دیں اے اہل کتاب!
هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ	نہیں تم انتقام لیتے ہم سے مگر (اس وجہ سے) کہ
اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا	ہم اللہ پر ایمان لائے اور جو ہماری طرف نازل کیا گیا
وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ ۙ	اور جو اس سے پہلے نازل کیا گیا (اس پر ایمان لائے)
وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ (59)	اور یہ کہ بیشک تمہارے اکثر نافرمان ہیں۔ (59)
قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ	کہہ دیں کیا میں تمہیں اس سے بدتر کی خبر دوں؟
مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ۭ	اللہ کے نزدیک انجام کے لحاظ سے
مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ	(وہ ہے) جس پر اللہ نے لعنت کی
وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ	اور اُس پر غضبناک ہوا اور اُن میں سے بنا دیا
الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ	(بعض کو) بندر اور (بعض کو) سور
وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ۭ	اور جس (نے) طاغوت (شیطان) کی بندگی کی
اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا	یہ (سب لوگ) ٹھکانے کے لحاظ سے بدتر ہیں

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

هُزُوًا	: استہزاء کرنا۔
لَعِبًا	: لہو ولعب۔
قَبْلِكُمْ	: قبل از وقت، قبل الکلام۔
الْكُفَّارَ	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
اَوْلِيَآءَ	: ولی، اولیائے کرام، ولایت۔
اتَّقُوا	: تقویٰ، متقی۔
مُّؤْمِنِيْنَ	: امن، ایمان، مؤمن۔
نَادَيْتُمْ	: نداء، منادی، ندائے ملت۔
اِلَى	: مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
الصَّلٰوةِ	: صوم وصلوٰۃ، مصلّی۔
قَوْمٌ	: قوم، قومیت، قائم۔
لَّا	: لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
يَعْقِلُوْنَ	: عقل، عاقل، معقول۔
قُلْ	: قول، اقوال، مقولہ۔
الْكِتٰبِ	: کتاب، کُتب، کاتب۔
اِلَّآ	: الاقلیل، الا یہ کہ۔
اُنْزِلَ	: نازل، نزول، انزال۔
قَبْلُ	: قبل از وقت، قبل الکلام۔
اَكْثَرَكُمْ	: اکثر، کثرت، اکثریت۔
فٰسِقُوْنَ	: فسق وفجور، فاسق وفاجر۔
اُنَبِّئُكُمْ	: نبی، نبوت، انبیاء۔
بِشَرٍّ	: خیر وشر، شریر، شرارت۔
عِنْدَ	: عند الطلب، عند اللہ، عندیہ۔
لَّعَنَهُ	: لعن وطعن، لعنت، ملعون۔
غَضِبَ	: غیظ وغضب، غضبناک۔
عَلَيْهِ	: علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
عَبَدَ	: عابد، معبود، عبادت۔
الطَّاغُوْتَ	: طاغوت، طاغوتی طاقتیں۔
شَرٌّ	: خیر وشر، شریر، شرارت۔
مَّكَانًا	: کون ومکان، مکین۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَ	اَضَلُّ [1]	عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ (60)	وَ	اِذَا
اور	بہت بھٹکے ہوئے (ہیں)	سیدھے راستے سے	اور	جب

جَآءُوْكُمْ [2][3]	قَالُوْٓا [3]	اٰمَنَّا	وَ [4]	قَدْ
یہ سب آتے ہیں تمہارے پاس	وہ سب کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	حالانکہ	یقیناً

دَّخَلُوْا	بِالْكُفْرِ [5]	وَهُمْ	قَدْ	خَرَجُوْا
وہ سب داخل ہوئے	کفر کے ساتھ	اور وہ سب	یقیناً	سب نکلے

بِهٖ ط [5]	وَاللّٰهُ	اَعْلَمُ [1]	بِمَا [5]	كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ [6][7] (61)
اس کے ساتھ	اور اللہ	خوب جاننے والا (ہے)	(اس) کو جو	وہ سب چھپاتے ہیں

وَتَرٰى	كَثِيْرًا	مِّنْهُمْ	يُسَارِعُوْنَ	فِي الْاِثْمِ
اور آپ دیکھیں گے	اکثر (کو)	ان میں سے	وہ سب جلدی کرتے ہیں	گناہ میں

وَ	الْعُدْوَانِ	وَ	اَكْلِهِمُ [8]	السُّحْتَ ط	لَبِئْسَ
اور	زیادتی (کے کاموں میں)	اور	اپنے کھانے (میں)	حرام (مال)	یقیناً برا (ہے)

مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ [6][7] (62)	لَوْلَا [9]	يَنْهٰهُمُ [8][10]	الرَّبّٰنِيُّوْنَ
جو	وہ سب کرتے ہیں	کیوں نہیں	منع کرتے اُنہیں	سب مشائخ

وَ	الْاَحْبَارُ	عَنْ قَوْلِهِمُ [8]	الْاِثْمَ	وَ	اَكْلِهِمُ [8]
اور	علماء	اُن کے بات کرنے سے	گناہ (کی)	اور	ان کے کھانے (سے)

السُّحْتَ ط	لَبِئْسَ	مَا	كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ [6][7] (63)	وَقَالَتِ [11]
حرام مال (کو)	البتہ برا (ہے)	جو	وہ سب کر رہے ہیں	اور کہا

الْيَهُوْدُ	يَدُ اللّٰهِ	مَغْلُوْلَةٌ [12]	غُلَّتْ [12]	اَيْدِيْهِمْ [8]
یہودیوں (نے)	اللہ کا ہاتھ	بندھا ہوا (ہے)	(حالانکہ) باندھ دیے گئے ہیں	ان کے ہاتھ

وقف لازم

وَ	لُعِنُوْا [13]	بِمَا [5]	قَالُوْا م	بَلْ
اور	وہ سب لعنت کیے گئے	(اس) وجہ سے جو	ان سب نے کہا	بلکہ

يَدٰهُ [14]	مَبْسُوْطَتٰنِ لا	يُنْفِقُ	كَيْفَ [15]	يَشَآءُ ط
اس کے دونوں ہاتھ	دونوں کشادہ (ہیں)	وہ خرچ کرتا ہے	جیسے	وہ چاہتا ہے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1. اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔
2. علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔
3. یہ فعل ماضی ہے، جب اذا میں شرط کا مفہوم ہو تو اس کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً زمانہ حال میں کیا جاتا ہے۔
4. وَ کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے، کبھی حالانکہ یا جبکہ کبھی قسم ہے بھی ترجمہ کیا جاتا ہے۔
5. بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔
6. كَانَ کا ترجمہ عموماً تھا کبھی ہوا اور ہے، ہیں بھی کیا جاتا ہے۔
7. وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔
8. هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔
9. لَوْلَا کے بعد اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ ترجمہ اگر نہ ہوتا ہے۔
10. یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
11. تْ واحد مؤنث کی علامت ہے اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دیتے ہیں۔
12. اس سے مراد بخیل ہے یعنی اللہ نے اپنے ہاتھ خرچ کرنے سے روکے ہوئے ہیں۔
13. فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔
14. یہ دراصل یَدَانِ+هٗ تھا، گرامر کے اصول کے مطابق نِ حذف کیا گیا ہے۔
15. كَيْفَ کا اصل ترجمہ کیسے ہے ضرورتاً یہاں ترجمہ جیسے کیا گیا ہے۔

وَّ اَضَلُّ عَنۡ سَوَآءِ السَّبِیۡلِ ﴿60﴾	اور سیدھے راستے سے زیادہ بھٹکے ہوئے ہیں۔ ﴿60﴾
وَ اِذَا جَآءُوۡکُمۡ قَالُوۡۤا	اور جب یہ تمہارے پاس آتے ہیں (تو) کہتے ہیں
اٰمَنَّا وَقَدۡ دَّخَلُوۡا بِالۡکُفۡرِ	ہم ایمان لائے حالانکہ یقیناً کفر کیساتھ داخل ہوئے
وَہُمۡ قَدۡ خَرَجُوۡا بِہٖ ؕ وَاللّٰہُ	اور وہ یقیناً اسی (کفر) کے ساتھ نکلے، اور اللہ تعالیٰ
اَعۡلَمُ بِمَا کَانُوۡا یَکۡتُمُوۡنَ ﴿61﴾	خوب جاننے والا ہے اُسکو جو وہ چھپاتے ہیں۔ ﴿61﴾
وَتَرٰی کَثِیۡرًا مِّنۡہُمۡ	اور آپ اُن میں سے اکثر کو دیکھیں گے
یُسَارِعُوۡنَ	(کہ) وہ جلدی کرتے ہیں
فِی الۡاِثۡمِ وَالۡعُدۡوَانِ	گناہ اور زیادتی (کے کاموں) میں
وَ اَکۡلِہِمُ السُّحۡتَ ؕ	اور اپنے حرام کھانے میں
لَبِئۡسَ مَا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ ﴿62﴾	یقیناً بُرا ہے جو وہ عمل کرتے ہیں۔ ﴿62﴾
لَوۡلَا یَنۡہٰہُمُ	کیوں نہیں اُنہیں منع کرتے
الرَّبّٰنِیُّوۡنَ وَالۡاَحۡبَارُ	(اُن کے) مشائخ اور علماء
عَنۡ قَوۡلِہِمُ الۡاِثۡمَ	اُن کے گناہ کی بات کرنے سے
وَ اَکۡلِہِمُ السُّحۡتَ ؕ	اور اُن کے حرام کھانے سے
لَبِئۡسَ مَا کَانُوۡا یَصۡنَعُوۡنَ ﴿63﴾	یقیناً بُرا ہے جو وہ کر رہے ہیں۔ ﴿63﴾
وَقَالَتِ الۡیَہُوۡدُ یَدُ اللّٰہِ مَغۡلُوۡلَۃٌ ؕ	اور یہودیوں نے کہا اللہ کا ہاتھ تنگ ہے
غُلَّتۡ اَیۡدِیۡہِمۡ	(حالانکہ) اُن کے اپنے ہاتھ تنگ کر دیے گئے ہیں
وَلُعِنُوۡا بِمَا قَالُوۡا ۘ	اور اُن پر اس وجہ سے جو انہوں نے کہا لعنت کی گئی
بَلۡ یَدٰہُ مَبۡسُوۡطَتٰنِ ۙ	بلکہ اس کے (تو) دونوں ہاتھ کشادہ ہیں
یُنۡفِقُ کَیۡفَ یَشَآءُ ؕ	وہ خرچ کرتا ہے جیسے وہ چاہتا ہے

وقف لازم

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- اَضَلُّ : ضلالت وگمراہی۔
- السَّبِیۡلِ : فی سبیل اللہ، سبیل نکالو۔
- وَ : شان وشوکت، رحم وکرم۔
- قَالُوۡۤا : قول، اقوال، مقولہ۔
- اٰمَنَّا : امن، ایمان، مؤمن۔
- دَّخَلُوۡا : داخل، داخلہ، مداخلت۔
- بِالۡکُفۡرِ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
- خَرَجُوۡا : خارج، خروج، اخراج۔
- بِہٖ : بالکل، بالواسطہ، بالمقابل۔
- اَعۡلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
- بِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا۔
- یَکۡتُمُوۡنَ : کتمان علم، کتمانِ حق۔
- تَرٰی : رؤیت ہلال، مرئی۔
- کَثِیۡرًا : اکثر، کثرت، اکثریت۔
- مِّنۡہُمۡ : منجانب، من حیث القوم۔
- یُسَارِعُوۡنَ : سریع الحرکت، سرعت۔
- الۡعُدۡوَانِ : متعدی، تعدی۔
- اَکۡلِہِمُ : اکل وشرب، ماکولات۔
- یَعۡمَلُوۡنَ : عمل، اعمال صالحہ۔
- یَنۡہٰہُمُ : نہی عن المنکر، منہیات۔
- الرَّبّٰنِیُّوۡنَ : رب، ارباب، ربوبیت۔
- اَکۡلِہِمُ : اکل وشرب، ماکولات۔
- یَصۡنَعُوۡنَ : صنعت، صنعتی شہر۔
- یَدُ، اَیۡدِیۡہِمۡ : ید طولیٰ، ید بیضا، رفع الیدین۔
- لُعِنُوۡا : لعن وطعن، لعنت، ملعون۔
- بَلۡ : بلکہ۔
- یَدٰہُ : ید طولیٰ، ید بیضا، رفع الیدین۔
- یُنۡفِقُ : انفاق فی سبیل اللہ، نان ونفقہ۔
- کَیۡفَ : کیفیت، بہر کیف۔
- یَشَآءُ : ماشاءاللہ، مشیّت الٰہی۔

وَ	لَيَزِيْدَنَّ [1][2]	كَثِيْرًا	مِّنْهُمْ	مَّآ
اور	ضرور بالضرور اضافہ کرے گا	اکثر (کو)	ان میں سے	(یہ قرآن) جو

اُنْزِلَ [3]	اِلَيْكَ	مِنْ رَّبِّكَ	طُغْيَانًا	وَّ
اُتارا گیا	آپ کی طرف	آپ کے رب (کی طرف) سے	سرکشی	اور

كُفْرًا ط [4]	وَ	اَلْقَيْنَا	بَيْنَهُمُ	الْعَدَاوَةَ [5]
کفر (میں)	اور	ہم نے ڈال دیا	اُن کے درمیان	عداوت

وَالْبَغْضَآءَ	اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ط [5]	كُلَّمَآ [6]	اَوْقَدُوْا [6]	نَارًا
اور کینہ	قیامت کے دن تک	جب کبھی	یہ سب جلاتے ہیں	آگ

لِّلْحَرْبِ	اَطْفَاَهَا اللهُ لا [6][7]	وَ	يَسْعَوْنَ	فِي الْاَرْضِ
جنگ کے لیے	بجھا دیتا ہے اُسے اللہ	اور	وہ سب کوشش کرتے ہیں	زمین میں

فَسَادًا ط	وَاللهُ	لَا يُحِبُّ [2]	الْمُفْسِدِيْنَ [8] (64)	وَلَوْ [9]
فساد (مچانے کی)	اور اللہ	نہیں پسند کرتا	فساد کرنے والوں (کو)	اور اگر

اَنَّ	اَهْلَ الْكِتٰبِ	اٰمَنُوْا [9]	وَ	اتَّقَوْا [9]
بیشک	اہل کتاب	سب ایمان لاتے	اور	سب تقوٰی اختیار کرتے

لَكَفَّرْنَا [10]	عَنْهُمْ	سَيِّاٰتِهِمْ [5][11]	وَ	لَاَدْخَلْنٰهُمْ [10]
ضرور ہم دور کر دیتے	اُن سے	اُن کے گناہ	اور	ضرور ہم داخل کرتے اُنھیں

جَنّٰتِ النَّعِيْمِ [5] (65)	وَلَوْ [9]	اَنَّهُمْ	اَقَامُوا [7]	التَّوْرٰىةَ [5]
نعمتوں والے باغات (میں)	اور اگر	بیشک وہ	سب قائم کرواتے	تورات (کو)

وَ	الْاِنْجِيْلَ	وَمَآ	اُنْزِلَ [3]	اِلَيْهِمْ [11]
اور	انجیل (کو)	اور جو	نازل کیا گیا	اُن کی طرف

مِّنْ رَّبِّهِمْ [11]	لَاَكَلُوْا [10]	مِنْ فَوْقِهِمْ [11][12]	وَ
اُن کے رب (کی طرف) سے	ضرور وہ سب کھاتے	اپنے اوپر سے	اور

مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ط [11][12]	مِنْهُمْ	اُمَّةٌ [5]	مُّقْتَصِدَةٌ ط [5]
اپنے پاؤں کے نیچے سے	اُن میں سے	ایک گروہ	میانہ رو (ہے)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ضرور بالضرور کیا گیا ہے۔

[2] یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[3] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[4] یعنی قرآن کے تدریجی نزول کے ساتھ ساتھ حسد اور بغض کی وجہ سے ان لوگوں کے کفر اور انکار میں اضافہ ہوتا جائے گا۔

[5] ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[6] كُلَّمَا میں شرط کا مفہوم ہے اس لیے عموماً اس کے بعد فعل کا ترجمہ زمانہ حال میں کیا جاتا ہے۔

[7] یہاں شروع میں "اَ" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔ مثلاً:
نَزَلَ: وہ اترا، اَنْزَلَ: اس نے اتارا
خَرَجَ: وہ نکلا، اَخْرَجَ: اس نے نکالا
طَفِئَ: وہ بجھا، اَطْفَاَ: اس نے بجھایا۔

[8] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[9] لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر اور کبھی کاش ہوتا ہے جب ترجمہ اگر ہو تو اس کے بعد فعل ماضی کا ترجمہ شرطیہ انداز میں کیا جاتا ہے

[10] شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے جس کا ترجمہ ضرور یا یقیناً کیا جاتا ہے۔

[11] هُمْ کے شروع میں اگر بِ، فِيْ، عَلٰى اور اِلٰى آئے یا اس کے پہلے زیر آ جائے تو یہ هِمْ ہو جاتا ہے اور ایسا پڑھنے میں آسانی کے لیے کیا جاتا ہے۔

[12] اوپر سے مراد آسمان سے بارش برسانا اور نیچے سے مراد زمین سے غلہ اور میوہ جات اگانا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ	اور یقیناً ان میں سے اکثر کو ضرور بڑھادے گا
مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ	(یہ کلام) جو آپ کی طرف اُتارا گیا
مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّ كُفْرًا ؕ	آپ کے رب کی طرف سے سرکشی اور کفر میں
وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ	اور ہم نے ڈال دیا اُن کے درمیان عداوت
وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ	اور کینہ قیامت کے دن تک،
كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ	جب کبھی یہ جنگ کے لیے آگ جلاتے ہیں
اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ	(تو) اللہ اُسے بجھادیتا ہے
وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ	اور وہ زمین میں فساد مچانے کیلئے دوڑے پھرتے ہیں
وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ (64)	اور اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ (64)
وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ	اور اگر بے شک اہل کتاب
اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا	ایمان لے آتے اور تقویٰ اختیار کرتے
لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ	(تو) ہم ضرور اُن سے اُن کے گناہ دور کر دیتے
وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ	اور ہم ضرور اُنہیں داخل کرتے
جَنّٰتِ النَّعِيْمِ (65)	نعمتوں والے باغات میں۔ (65)
وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ	اور اگر بے شک وہ قائم رکھتے تورات
وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ	اور انجیل کو اور جو نازل کیا گیا
اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ	اُن کی طرف اُن کے رب کی طرف سے
لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ	ضرور وہ کھاتے (اللہ کا رزق) اپنے اُوپر سے
وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ؕ	اور اپنے پاؤں کے نیچے سے،
مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ؕ	اُن میں سے ایک گروہ میانہ رو ہے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- لَيَزِيْدَنَّ : زیادہ، مزید، زائد۔
- كَثِيْرًا : اکثر، کثرت، اکثریت۔
- اُنْزِلَ : نازل، نزول، انزال۔
- طُغْيَانًا : طاغوت، طغیانی۔
- كُفْرًا : کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔
- اَلْقَيْنَا : القاء کرنا۔
- بَيْنَهُمْ : بین بین، بین الاقوامی۔
- الْعَدَاوَةَ : عدوّ، اعداء، عداوت۔
- الْبَغْضَآءَ : بغض وعداوت، بغض۔
- يَوْمِ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
- نَارًا : نوری وناری مخلوق۔
- لِّلْحَرْبِ : آلاتِ حرب، حربہ۔
- يَسْعَوْنَ : سعی کرنا، سعی لاحاصل۔
- الْاَرْضِ : ارض وسما، قطعہ اراضی۔
- فَسَادًا : فساد، فسادی، فاسد مادہ۔
- يُحِبُّ : حبیب، محبوب، محبت۔
- الْمُفْسِدِيْنَ : فساد، فسادی، فاسد مادہ۔
- اتَّقَوْا : تقویٰ، متقی۔
- لَكَفَّرْنَا : کفارہ دینا۔
- سَيِّاٰتِهِمْ : علمائے سوء، اعمال سیّئہ۔
- لَاَدْخَلْنٰهُمْ : داخل، داخلہ، مداخلت۔
- النَّعِيْمِ : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
- اَقَامُوا : اقامت، مقیم، قائم مقام۔
- لَاَكَلُوْا : اکل وشرب، ماکولات۔
- فَوْقِهِمْ : فوقیت، مافوق الفطرت۔
- تَحْتِ : ماتحت، تحت العرش۔
- اُمَّةٌ : امت، امم سابقہ۔
- مُّقْتَصِدَةٌ : اقتصاد، اقتصادیات۔

ع 9 10 13

وَكَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ	سَآءَ	مَا [1]	يَعْمَلُوْنَ (66)	يٰٓاَيُّهَا [2]
اور بہت سے	ان میں سے	بُرا (ہے)	جو	وہ سب کرتے ہیں	اے

الرَّسُوْلُ	بَلِّغْ	مَآ [1]	اُنْزِلَ [3]	اِلَيْكَ
رسول! (ﷺ)	آپ پہنچا دیجیے	(اُسے) جو	نازل کیا گیا	آپ کی طرف

مِنْ رَّبِّكَ ط	وَاِنْ	لَّمْ تَفْعَلْ [4]	فَمَا [1]	بَلَّغْتَ
آپ کے رب (کی طرف) سے	اور اگر	آپ نے نہ کیا	تو نہیں	آپ نے پہنچایا

رِسَالَتَهٗ ط [5]	وَاللّٰهُ	يَعْصِمُكَ [6]	مِنَ النَّاسِ ط [7]
اس کا پیغام	اور اللہ	آپ کو محفوظ رکھے گا	لوگوں سے

اِنَّ اللّٰهَ	لَا يَهْدِي [6]	الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ [8] (67)	قُلْ
بے شک اللہ	نہیں ہدایت دیتا	کافر قوم (کو)	آپ کہہ دیں

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	لَسْتُمْ	عَلٰى شَيْءٍ [9]	حَتّٰى	تُقِيْمُوا
اے اہل کتاب!	نہیں ہو تم	کسی چیز پر	یہاں تک کہ	تم سب قائم کرو

التَّوْرٰىةَ	وَ	الْاِنْجِيْلَ	وَمَآ [1]	اُنْزِلَ [3]
تورات	اور	انجیل	اور جو	نازل کیا گیا

اِلَيْكُمْ	مِّنْ رَّبِّكُمْ ط	وَ	لَيَزِيْدَنَّ [6]
تمہاری طرف	تمہارے رب (کی طرف) سے	اور	ضرور بالضرور بڑھائے گا

كَثِيْرًا	مِّنْهُمْ	مَّآ [1]	اُنْزِلَ [3]	اِلَيْكَ
اکثر (کو)	ان میں سے	جو	نازل کیا گیا	آپ کی طرف

مِنْ رَّبِّكَ	طُغْيَانًا	وَّ	كُفْرًا ج
آپ کے رب (کی طرف) سے	سرکشی (میں)	اور	کفر (میں)

فَلَا	تَاْسَ	عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ [8] (68)	اِنَّ
پس نہ	آپ افسوس کریں	کافر قوم پر	بیشک

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَالَّذِيْنَ	هَادُوْا
(وہ لوگ) جو	سب ایمان لائے	اور جو	سب یہودی ہوئے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

2 یَا اور اَیُّھَا دونوں کا ترجمہ اے ہے، اَیُّھَا اُس وقت استعمال ہوتا ہے جب اسکے بعد اسم کے شروع میں اَلْ ہو۔

3 فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

4 لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

5 یعنی آپ نے پیغمبری کا فرض ادا نہ کیا، اس آیت میں ان لوگوں کی تردید ہے جو کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے قرآن کی کچھ آیات اہل بیت کو بتائیں، بخاری و مسلم میں ہے کہ سیدہ عائشہ فرماتی ہیں کہ جس نے یہ گمان کیا کہ آپ ﷺ نے کچھ حصہ چھپالیا تو وہ جھوٹا ہے، اسی طرح حجۃ الوداع کے موقع پر صحابہ نے بھی ابلاغ رسالت کی شہادت دی تھی۔

6 یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

7 اللہ تعالیٰ نے معجزانہ طریقے اور دنیاوی اسباب سے آپ کی حفاظت فرمائی یہاں عصمت سے مراد یہ ہے کہ آپ کے دشمن آپ کی جان نہیں لے سکیں گے، اللہ حفاظت فرمائے گا، باقی رہا جو تکالیف آپ کو دین کے راستے میں پہنچیں اور ان پر آپ نے صبر کیا تو حکمت الٰہی تھی کہ تکالیف پر صبر کرنے کا نمونہ امت کے سامنے آجائے۔

8 یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

9 ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اس لیے ترجمہ کسی، کوئی، کچھ یا ایک کیا جا سکتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ	اور اُن میں سے اکثر (ایسے ہیں کہ) بُرا ہے
ع 9 10 13 مَا يَعْمَلُوْنَ ۟ؑ (66) يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ	جو وہ عمل کرتے ہیں۔ ؑ (66) اے رسول!
بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ	(لوگوں کو) پہنچادو جو آپ کی طرف نازل کیا گیا ہے
مِنْ رَّبِّكَ ۭ	آپ کے رب کی طرف سے
وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ	اور اگر آپ نے (ایسا) نہ کیا
فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ۭ وَاللّٰهُ	تو آپ نے اُس کا پیغام نہیں پہنچایا اور اللہ تعالیٰ
يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ۭ	آپکو (ان) لوگوں سے (جو آپکی جان لینا چاہیں) محفوظ رکھے گا
اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي	بے شک اللہ (زبردستی) ہدایت نہیں دیتا
الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ (67)	کافر قوم کو۔ (67)
قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	آپ کہہ دیں اے اہل کتاب!
لَسْتُمْ عَلٰي شَيْءٍ	تم (اس وقت تک) کسی چیز (دین) پر نہیں ہو
حَتّٰي تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ	یہاں تک کہ تم قائم (نہ) کرو تورات
وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ	اور انجیل کو اور جو نازل کیا گیا
اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۭ	تمہاری طرف تمہارے رب کی طرف سے
وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ	اور بلاشبہ اُن میں سے اکثر کو ضرور بڑھائے گا
مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ	(یہ قرآن) جو آپ کی طرف نازل کیا گیا ہے
مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ	آپ کے رب کی طرف سے، سرکشی اور کفر میں
فَلَا تَاْسَ عَلَي الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ (68)	پس آپ کافر قوم پر افسوس نہ کریں۔ (68)
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	بے شک جو (لوگ) ایمان لائے
وَالَّذِيْنَ هَادُوْا	اور جو یہودی ہوئے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

كَثِيْرٌ	: اکثر، کثرت، کثیر تعداد۔
سَآءَ	: علمائے سوء، اعمال سیئہ۔
مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا۔
يَعْمَلُوْنَ	: عمل، عامل، معمول۔
بَلِّغْ	: تبلیغ، مبلغ۔
مَآ	: ماحول، ماتحت، ماجرا۔
اُنْزِلَ	: نازل، نزول، انزال۔
اِلَيْكَ	: مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
مِنْ	: منجانب، من حیث القوم۔
رَّبِّكَ	: رب، ربوبیت۔
تَفْعَلْ	: فعل، فاعل، مفعول۔
بَلَّغْتَ	: ابلاغ، تبلیغ، مبلغ۔
يَعْصِمُكَ	: عاصم، معصوم، عصمت۔
النَّاسِ	: عوام الناس، عامۃ الناس۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
يَهْدِي	: ہدایت، ہادیٔ کائنات۔
الْقَوْمَ	: قوم، قومیت، قائم۔
الْكٰفِرِيْنَ	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
قُلْ	: قول، اقوال، مقولہ۔
يٰٓاَهْلَ	: اہل وعیال، اہل خانہ۔
شَيْءٍ	: شے، اشیائے خورد ونوش۔
حَتّٰي	: حتی کہ، حتی الامکان۔
تُقِيْمُوا	: اقامت، مقیم، قائم مقام۔
اُنْزِلَ	: نازل، نزول، انزال۔
لَيَزِيْدَنَّ	: زیادہ، مزید، زائد۔
كَثِيْرًا	: اکثر، کثرت، اکثریت۔
طُغْيَانًا	: طاغوت، طغیانی۔
اٰمَنُوْا	: امن، ایمان، مؤمن۔
هَادُوْا	: یہودی، یہود ونصاریٰ۔

وَ	الصّٰبِئُوْنَ [1]	وَ	النَّصٰرٰی	مَنْ	اٰمَنَ	بِاللّٰهِ [2]
اور	سب ستارہ پرست	اور	نصاریٰ (میں سے)	جو	ایمان لایا	اللہ پر

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَعَمِلَ	صَالِحًا	فَلَا	خَوْفٌ [3]
اور آخرت کے دن (پر)	اور اس نے عمل کیا	نیک	تو نہیں (ہوگا)	کوئی خوف

عَلَيْهِمْ	وَلَا	هُمْ	يَحْزَنُوْنَ [4] (69)	لَقَدْ	اَخَذْنَا
اُن پر	اور نہ	وہ سب	وہ سب غمگین ہونگے	بلاشبہ یقیناً	ہم نے لیا

مِيْثَاقَ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	وَاَرْسَلْنَآ	اِلَيْهِمْ	رُسُلًا ط [3]
پختہ عہد	بنی اسرائیل (سے)	اور ہم نے بھیجے	اُن کی طرف	کئی رسول

كُلَّمَا	جَآءَهُمْ	رَسُوْلٌ [2]	بِمَا [2]	لَا تَهْوٰٓی [5]
جب کبھی	آیا اُن کے پاس	کوئی رسول	(اس چیز) کے ساتھ جو	نہیں چاہتے (تھے)

اَنْفُسُهُمْ لا	فَرِيْقًا [3]	كَذَّبُوْا	وَفَرِيْقًا [3]	يَّقْتُلُوْنَ ق (70)
اُن کے نفس	ایک گروہ (کو)	ان سب نے جھٹلایا	اور ایک گروہ (کو)	وہ سب قتل کرتے رہے

وَحَسِبُوْٓا	اَلَّا [6]	تَكُوْنَ [5]	فِتْنَةٌ [3][7]	فَعَمُوْا	وَ
اور وہ سب سمجھے	کہ نہ	ہوگی	کوئی آزمائش	تو وہ سب اندھے ہوگئے	اور

صَمُّوْا	ثُمَّ	تَابَ اللّٰهُ [8]	عَلَيْهِمْ	ثُمَّ	عَمُوْا
سب بہرے بن گئے	پھر	مہربانی کی اللہ (نے)	اُن پر	پھر	سب اندھے ہوگئے

وَ	صَمُّوْا	كَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ ط	وَاللّٰهُ	بَصِيْرٌ م
اور	سب بہرے بن گئے	اکثر	اُن میں سے	اور اللہ	خوب دیکھنے والا

بِمَا [2]	يَعْمَلُوْنَ (71)	لَقَدْ	كَفَرَ	الَّذِيْنَ	قَالُوْٓا
(اس) کو جو	وہ سب کرتے ہیں	بلاشبہ یقیناً	کفر کیا	جن	سب نے کہا

اِنَّ اللّٰهَ	هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ط	وَ	قَالَ	الْمَسِيْحُ [9]
بیشک اللہ	وہی مسیح بن مریم (ہے)	حالانکہ	کہا	مسیح (نے)

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اعْبُدُوا اللّٰهَ	رَبِّيْ	وَ	رَبَّكُمْ ط
اے بنی اسرائیل	تم سب عبادت کرو اللہ (کی)	(جو) میرا رب	اور	تمہارا رب (ہے)

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] صابی کا لفظ حنیف کے بالمقابل ہے اہل علم کے نزدیک صابی ایک دین چھوڑ کر دوسرا اختیار کرنے والے کو اور بعض ستارہ پرست کو اور بعض کے نزدیک بے دین اور لا مذہب کو کہتے ہیں۔

[2] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[3] ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[4] اس کا مفہوم یہ ہے کہ اپنے اپنے وقت کے انبیاء کی ہدایت کے مطابق جو بھی اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان لائے گا اور اس وقت کے نبی کی شریعت کے مطابق عمل صالح کرے گا تو وہ آخرت میں کامیاب ہوگا۔ اس سلسلے میں مسلمان، عیسائی اور صابی سب برابر ہیں۔ پھر آپ علیہ السلام کی بعثت کے بعد آپ علیہ السلام پر بھی ایمان لانا نجات کے لیے لازمی ہے۔

[5] تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[6] اَلَّا دراصل اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔

[7] یعنی انہوں نے سمجھا کہ ہم اللہ کے پیارے اور چہیتے ہیں لہٰذا ہم جو گناہ بھی کر لیں ہمیں کوئی پکڑ نہیں ہوگی۔

[8] تَابَ کا اصل ترجمہ رجوع کیا ہے جب اس کی نسبت اللہ کی طرف ہو تو اس سے مراد مہربانی کرنا اور توبہ قبول کرنا ہوتا ہے۔

[9] مسح کا معنیٰ ہاتھ پھیرنا ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو مسیح اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ جب بیماروں، کوڑھیوں پر اور مادر زاد اندھوں کی آنکھوں پر ہاتھ پھیرتے تو وہ اللہ کے حکم سے تندرست ہو جاتے۔

وَالصّٰبِـُٔوْنَ وَالنَّصٰرٰی مَنْ	اور ستارہ پرست اور نصاریٰ ہیں (ان میں سے) جو
اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ	اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لایا
وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ	اور اُس نے نیک عمل کیے تو نہ ان پر کوئی خوف ہوگا
وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿69﴾ لَقَدْ	اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ ﴿69﴾ بلاشبہ یقیناً
اَخَذْنَا مِیْثَاقَ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ	ہم نے بنی اسرائیل سے پختہ عہد لیا
وَاَرْسَلْنَاۤ اِلَیْهِمْ رُسُلًا ؕ	اور ہم نے اُن کی طرف کئی رسول بھیجے
كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ	جب کبھی اُن کے پاس کوئی رسول آیا
بِمَا لَا تَهْوٰۤی اَنْفُسُهُمْ ۙ	وہ کچھ لے کر جو اُن کے نفس نہیں چاہتے تھے
فَرِیْقًا كَذَّبُوْا	(تو نبیوں کے) ایک گروہ کو اُنھوں نے جھٹلایا
وَفَرِیْقًا یَّقْتُلُوْنَ ﴿70﴾ ق	اور ایک گروہ کو قتل کرتے رہے۔ ﴿70﴾
وَحَسِبُوْۤا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ	اور وہ سمجھے کہ (ایسا کرنے سے) کوئی آزمائش نہ ہوگی
فَعَمُوْا وَصَمُّوْا	تو وہ اندھے ہو گئے اور بہرے بن گئے
ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ ثُمَّ	پھر اللہ نے اُن پر مہربانی کی پھر (دوبارہ)
عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِیْرٌ مِّنْهُمْ ؕ	اُن میں سے بہت سے اندھے اور بہرے بن گئے
وَاللّٰهُ بَصِیْرٌۢ بِمَا یَعْمَلُوْنَ ﴿71﴾	اور اللہ جو وہ کرتے ہیں اس کو خوب دیکھنے والا ہے۔ ﴿71﴾
لَقَدْ كَفَرَ الَّذِیْنَ قَالُوْۤا	بلاشبہ یقیناً اُن (لوگوں) نے کفر کیا جنھوں نے کہا
اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِیْحُ ابْنُ مَرْیَمَ ؕ	بے شک اللہ مسیح بن مریم ہی ہے
وَقَالَ الْمَسِیْحُ	حالانکہ مسیح نے (خود) کہا تھا
یٰبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ	اے بنی اسرائیل تم اللہ کی عبادت کرو
رَبِّیْ وَرَبَّكُمْ ؕ	(جو) میرا رب اور تمہارا رب ہے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

وَ	: رحم وکرم، شان وشوکت۔
النَّصٰرٰی	: یہود ونصاریٰ، نصرانی۔
اٰمَنَ	: امن، ایمان، مؤمن۔
الْیَوْمِ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔
الْاٰخِرِ	: یوم آخرت، اُخروی زندگی۔
عَمِلَ	: عمل، اعمال صالحہ۔
صَالِحًا	: اصلاح، صالح، صلح۔
فَلَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
خَوْفٌ	: خائف، خوف وہراس۔
عَلَیْهِمْ	: علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
یَحْزَنُوْنَ	: حزن وملال، عام الحزن۔
اَخَذْنَا	: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
مِیْثَاقَ	: اُمید واثق، میثاق مدینہ۔
بَنِیْۤ	: ابنائے جامعہ، ابن عمر۔
اِلَیْهِمْ	: مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
تَهْوٰۤی	: ہوائے نفس۔
اَنْفُسُهُمْ	: نفس، نفسا نفسی، تنفس۔
فَرِیْقًا	: فرق، تفریق، فراق۔
كَذَّبُوْا	: کذب بیانی، کذاب۔
یَّقْتُلُوْنَ	: قتل، قتال، مقتول۔
فِتْنَةٌ	: فتنہ وفساد، فتنہ برپا ہونا۔
تَابَ	: توبہ، تائب۔
كَثِیْرٌ	: اکثر، کثرت، اکثریت۔
بَصِیْرٌۢ	: سمع وبصر، بصارت، بصیرت۔
یَعْمَلُوْنَ	: معمول، عمل، عامل۔
كَفَرَ	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
قَالُوْۤا	: قول، اقوال، مقولہ۔
ابْنُ	: ابن عباس، ابن عمر۔
اعْبُدُوْا	: عابد، معبود، عبادت۔
رَبِّیْ	: رب، ربوبیت، مربی۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

اِنَّهٗ	مَنْ	يُّشْرِكْ [1]	بِاللّٰهِ	فَقَدْ
بیشک یہ (حقیقت ہے)	جو	شریک بنائے	اللہ کے ساتھ	تو یقیناً

حَرَّمَ اللّٰهُ [2]	عَلَيْهِ	الْجَنَّةَ [3]	وَ	مَاْوٰىهُ [4]	النَّارُ ط
اللہ نے حرام کردی	اس پر	جنت	اور	اُس کا ٹھکانا	آگ (ہی ہے)

وَمَا [5]	لِلظّٰلِمِيْنَ	مِنْ اَنْصَارٍ [6][7] (72)	لَقَدْ	كَفَرَ
اور نہیں (ہے)	ظالموں کا	کوئی مددگار	بلاشبہ یقیناً	کفر کیا

الَّذِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّ اللّٰهَ	ثَالِثُ	ثَلٰثَةٍ م [3]
(ان لوگوں نے) جن	سب نے کہا	بے شک اللہ	تیسرا (ہے)	تین (میں سے)

وَمَا [8][5]	مِنْ اِلٰهٍ [6][7]	اِلَّآ	اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ط	وَاِنْ
حالانکہ نہیں	کوئی معبود	مگر	(صرف) ایک معبود	اور اگر

لَّمْ يَنْتَهُوْا [9]	عَمَّا [10][5]	يَقُوْلُوْنَ	لَيَمَسَّنَّ [11][1]	الَّذِيْنَ
نہ وہ سب باز آئے	(ان) سے جو	وہ سب کہتے ہیں	بلاشبہ ضرور چھوئے گا	(ان لوگوں کو) جن

كَفَرُوْا	مِنْهُمْ	عَذَابٌ اَلِيْمٌ (73)	اَفَلَا [12]	يَتُوْبُوْنَ
سب نے کفر کیا	اُن میں سے	بہت درد دینے والا عذاب	تو کیا نہیں	یہ سب رجوع کرتے

اِلَى اللّٰهِ	وَ	يَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ط [13]	وَاللّٰهُ [8]	غَفُوْرٌ [14]
اللہ کی طرف	اور	وہ سب بخشش مانگتے اس سے	حالانکہ اللہ	بہت بخشنے والا

رَّحِيْمٌ [14] (74)	مَا [5]	الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ	اِلَّا	رَسُوْلٌ [7]	قَدْ
بڑا مہربان (ہے)	نہیں (ہیں)	عیسیٰ بن مریم	مگر	ایک رسول	یقیناً

خَلَتْ [15]	مِنْ قَبْلِهِ	الرُّسُلُ ط	وَاُمُّهٗ [4]	صِدِّيْقَةٌ [3]
گزر چکے ہیں	اس سے پہلے	(بہت سے) رسول	اور اُس کی ماں	سچی (تھی)

كَانَا [16]	يَاْكُلٰنِ [16]	الطَّعَامَ ط	اُنْظُرْ	كَيْفَ
وہ دونوں تھے	وہ دونوں کھاتے	کھانا	آپ دیکھیں	کیسے

نُبَيِّنُ	لَهُمُ	الْاٰيٰتِ [3]	ثُمَّ	انْظُرْ
ہم بیان کرتے ہیں	اُن کے لیے	واضح دلائل	پھر	آپ دیکھیے

وقف لازم

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

2 فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

3 ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

4 ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

5 مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

6 یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

7 ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اس لیے ترجمہ ایک، کوئی، کچھ یا کسی کیا جا سکتا ہے۔

8 وَ کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے کبھی حالانکہ یا جبکہ کبھی قسم ہے بھی ترجمہ کیا جاتا ہے۔

9 لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

10 عَمَّا دراصل عَنْ+مَا مجموعہ ہے۔

11 فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ضرور بالضرور کیا گیا ہے۔

12 جب اَ کے بعد وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

13 فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کرنے، مانگنے یا چاہنے کا مفہوم ہوتا ہے جبکہ یہاں شروع سے "ا" محذوف ہے۔

14 اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغ کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ بہت، بڑا کیا گیا ہے۔

15 تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

16 کَانَا کے آخر میں الف اور یَاْكُلٰنِ کے آخر میں ان میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔

وقف لازم

اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ	یہ یقینی (بات) ہے کہ جو اللہ کے ساتھ شریک بنائے
فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ	تو یقیناً اللہ نے اُس پر جنت کو حرام کر دیا
وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ؕ	اور اُس کا ٹھکانا آگ ہی ہے،
وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿72﴾	اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہے۔ ﴿72﴾
لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا	بلاشبہ یقیناً کفر کیا اُن (لوگوں) نے جنھوں نے کہا
اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ	بے شک اللہ تین میں سے تیسرا ہے
وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّاۤ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ	حالانکہ نہیں ہے کوئی معبود مگر صرف ایک معبود
وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ	اور اگر وہ باز نہ آئے اس (بات) سے جو وہ کہتے ہیں
لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ	یقیناً اُن (لوگوں) کو ضرور پہنچے گا جنھوں نے
كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿73﴾	کفر کیا اُن میں سے بہت دردناک عذاب۔ ﴿73﴾
اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ	تو کیا یہ اللہ کی طرف توبہ نہیں کرتے
وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ؕ	اور اُس سے بخشش (نہیں) مانگتے
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿74﴾	حالانکہ اللہ بہت بخشنے والا بڑا مہربان ہے۔ ﴿74﴾
مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ	نہیں ہیں مسیح بن مریم
اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ	مگر ایک رسول، یقیناً گزر چکے ہیں
مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ	اس سے پہلے بہت سے رسول
وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ؕ	اور اُس کی ماں صدیقہ تھی
كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ؕ	وہ دونوں کھانا کھاتے تھے
اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ	(اے نبی) آپ دیکھیں کیسے ہم بیان کرتے ہیں
لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ	اُن کے لیے واضح دلائل پھر آپ دیکھیں

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- يُّشْرِكْ : شرک، شریک، مشرک۔
- حَرَّمَ : حرام، تحریم، حرمت۔
- عَلَيْهِ : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
- وَ : سحر و افطار، رحم و کرم۔
- مَاْوٰىهُ : ملجا و ماوٰی۔
- النَّارُ : نوری و ناری مخلوق۔
- لِلظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
- اَنْصَارٍ : نصرت، ناصر، انصار مدینہ۔
- كَفَرَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
- قَالُوْۤا : قول، اقوال، مقولہ۔
- اِلٰهٍ : الوہیت، رضائے الٰہی۔
- اِلَّاۤ : اِلّا قلیل، اِلّا یہ کہ۔
- يَنْتَهُوْا : نہی عن المنکر، منہیات۔
- لَيَمَسَّنَّ : مس، مساس۔
- اَلِيْمٌ : عذابِ الیم، الم ناک حادثہ۔
- اَفَلَا : لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
- يَتُوْبُوْنَ : توبہ، تائب۔
- اِلَى : مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
- يَسْتَغْفِرُوْنَهٗ : مغفرت، استغفار۔
- رَّحِيْمٌ : رحمت، رحم، رحیم، مرحوم۔
- ابْنُ : ابنائے جامعہ، ابن عمر۔
- قَبْلِهِ : قبل از وقت، قبل الکلام۔
- اُمُّهٗ : اُمُّ القریٰ، اُمِّ موسیٰ۔
- صِدِّيْقَةٌ : صدق، صداقت، تصدیق۔
- يَاْكُلٰنِ : اکل و شرب، ماکولات۔
- الطَّعَامَ : طعام، بعد از طعام۔
- اُنْظُرْ : نظر، نظارہ، منظر، تناظر۔
- كَيْفَ : کیفیت، بہر کیف۔
- نُبَيِّنُ : دلیل بین، مبیّنہ طور پر۔
- الْاٰيٰتِ : آیت، آیات قرآنی۔

اَنّٰى	يُؤْفَكُوْنَ [1] (75)	قُلْ [2]	اَ [3]	تَعْبُدُوْنَ
کیسے	وہ سب پھیرے جا رہے ہیں	آپ کہہ دیں	کیا	تم سب عبادت کرتے ہو
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ [4]	مَا لَا	يَمْلِكُ [5]	لَكُمْ	ضَرًّا [6]
اللہ کے علاوہ (کی)	جو نہیں	وہ اختیار رکھتا ہے	تمہارے لیے	کسی نقصان (کا)
وَّلَا	نَفْعًا [6] ط	وَاللّٰهُ	هُوَ السَّمِيْعُ [7]	الْعَلِيْمُ (76)
اور نہ	کسی نفع (کا)	اور اللہ	ہی خوب سننے والا	خوب جاننے والا (ہے)
قُلْ [2]	يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ	لَا	تَغْلُوْا [8]	
آپ کہہ دیں	اے اہل کتاب!	مت	تم سب حد سے بڑھو	
فِيْ دِيْنِكُمْ	غَيْرَ الْحَقِّ	وَ	لَا	تَتَّبِعُوْۤا [8]
اپنے دین میں	ناحق (بات کہہ کر)	اور	مت	تم سب پیروی کرو
اَهْوَآءَ قَوْمٍ	قَدْ	ضَلُّوْا	مِنْ قَبْلُ	وَ
(اس) قوم کی خواہشات (کی)	(جو) یقیناً	وہ سب گمراہ ہو گئے	پہلے سے	اور
اَضَلُّوْا [9]	كَثِيْرًا	وَّ	ضَلُّوْا	
ان سب نے گمراہ کیا	اکثر (کو)	اور	وہ سب بھٹک گئے	
عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ (77) ع	لُعِنَ [10]	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	
سیدھے راستے سے	لعنت کی گئی	(اُن لوگوں پر) جن	سب نے کفر کیا	
مِنْۢ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ	عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ	وَ	عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ط	
بنی اسرائیل میں سے	داؤد کی زبان پر	اور	عیسیٰ بن مریم (کی زبان پر)	
ذٰلِكَ [11]	بِمَا	عَصَوْا	وَّ	كَانُوْا
یہ	(اس) وجہ سے جو	ان سب نے نافرمانی کی	اور	وہ سب تھے
يَعْتَدُوْنَ (78)	كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ [12][13]	عَنْ مُّنْكَرٍ [6]		
وہ سب حد سے تجاوز کرتے	نہیں وہ سب ایک دوسرے کو منع کرتے تھے	کسی برائی سے		
فَعَلُوْهُ [14] ط	لَبِئْسَ	مَا	كَانُوْا	يَفْعَلُوْنَ (79)
(بلکہ) ان سب نے کیا ہوتا اُسے	یقیناً وہ برا (ہے)	جو	وہ سب تھے	وہ سب کرتے

ع 10/11/14

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 علامت یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

2 قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق درمیان سے "و" محذوف ہے۔

3 أ الگ استعمال ہو تو ترجمہ کیا ہوتا ہے۔

4 اگر مِنْ کے بعد لفظ دُوْنِ موجود ہو تو مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

5 لَا کے بعد فعل کے آخر میں پیش ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔

6 ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اس لیے ترجمہ ایک، کوئی، کچھ یا کسی کیا جا سکتا ہے۔

7 هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

8 لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

9 یہاں فعل کے شروع میں أ معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے، مثلاً:
ضَلُّوْا: وہ سب گمراہ ہوئے،
اَضَلُّوْا: ان سب نے گمراہ کیا۔

10 فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

11 ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے اور یہ علامت بات میں زور ڈالنے کے لیے استعمال ہوتی ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔

12 وْا، وْنَ کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔

13 اس فعل میں موجود تَ اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔

14 علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿75﴾	(ان دلائل کے باوجود) کیسے وہ پھیرے جا رہے ہیں۔ ﴿75﴾
قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ	(اے نبی) آپ کہہ دیں کیا تم عبادت کرتے ہو
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ	اللہ کے علاوہ (اس چیز) کی جو اختیار نہیں رکھتی
لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ؕ	تمہارے کسی نقصان کا اور نہ کسی نفع کا
وَاللّٰهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿76﴾	اور اللہ ہی خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔ ﴿76﴾
قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ	(اے نبی) آپ کہہ دیں اے اہل کتاب!
لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ	اپنے دین میں ناحق (بات کہہ کر) حد سے مت بڑھو
وَلَا تَتَّبِعُوْۤا اَهْوَآءَ قَوْمٍ	اور (ایسی) قوم کی خواہشات کی پیروی نہ کرو
قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ	(جو) یقیناً پہلے سے گمراہ ہو چکے
وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا	اور اُنھوں نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کیا
ع 10 11 14 وَّضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿77﴾ ع	اور وہ سیدھے راستے سے بھٹک گئے۔ ﴿77﴾ ع
لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اُن (لوگوں) پر لعنت کی گئی جنھوں نے کفر کیا
مِنْۢ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ	بنی اسرائیل میں سے
عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ	داؤد کی زبان پر
وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ؕ	اور عیسیٰ بن مریم (کی زبان پر)
ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا	یہ اس وجہ سے جو اُنھوں نے نافرمانی کی
وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿78﴾	اور وہ حد سے تجاوز کرتے تھے۔ ﴿78﴾
كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ	وہ ایک دوسرے کو منع نہیں کرتے تھے
عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ؕ	اس برائی سے جسے انھوں نے خود کیا ہوتا
لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿79﴾	یقیناً برا ہے جو وہ کیا کرتے تھے۔ ﴿79﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

قُلْ	: قول، اقوال، مقولہ۔
تَعْبُدُوْنَ	: عابد، معبود، عبادت۔
يَمْلِكُ	: ملکیت، مالک، املاک۔
ضَرًّا	: مضر صحت، ضرر رساں۔
نَفْعًا	: نفع، منافع، منفعت۔
السَّمِيْعُ	: سمع و بصر، آلۂ سماعت۔
الْعَلِيْمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
يٰۤاَهْلَ	: اہل حق، اہل خانہ۔
تَغْلُوْا	: غلو، غالی۔
غَيْرَ	: دیارِ غیر، غیر اللہ۔
الْحَقِّ	: مستحق، استحقاق، حق دار۔
تَتَّبِعُوْۤا	: اتباع، تابع، متبع سنت۔
اَهْوَآءَ	: ہوائے نفس۔
قَوْمٍ	: قوم، قومیت، قائم۔
ضَلُّوْا	: ضلالت و گمراہی۔
قَبْلُ	: قبل از وقت، دورِ قبل۔
كَثِيْرًا	: اکثر، کثرت، اکثریت۔
السَّبِيْلِ	: فی سبیل اللہ، سبیل نکالو۔
لُعِنَ	: لعن و طعن، لعنت، ملعون۔
كَفَرُوْا	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
بَنِيْۤ	: بنی اسرائیل، بنو قریظہ۔
عَلٰى	: علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
لِسَانِ	: لسان، لسانی تعصب۔
ابْنِ	: محمد بن قاسم، محمد بن عبد اللہ۔
عَصَوْا	: معصیت، عاصی، عصیان۔
يَعْتَدُوْنَ	: متعدی، تعدی۔
يَتَنَاهَوْنَ	: نہی عن المنکر، منہیات۔
مُّنْكَرٍ	: منکر، منکرات۔
فَعَلُوْهُ	: فعل، فاعل، مفعول۔
يَفْعَلُوْنَ	: فعل، فاعل، افعال۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

تَرٰی [1]	كَثِيْرًا	مِّنْهُمْ	يَتَوَلَّوْنَ [2]	الَّذِيْنَ
آپ دیکھیں گے	اکثر (کو)	اُن میں سے	وہ سب دوستی لگاتے ہیں	(اُن لوگوں سے) جن

كَفَرُوْا ط	لَبِئْسَ	مَا	قَدَّمَتْ [3]	لَهُمْ
سب نے کفر کیا	یقیناً بُرا (ہے)	جو	آگے بھیجا	ان کے لیے

اَنْفُسُهُمْ	اَنْ	سَخِطَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	وَ	فِي الْعَذَابِ
اُن کے نفسوں (نے)	کہ	اللہ ناراض ہوا	اُن پر	اور	عذاب میں

هُمْ [4]	خٰلِدُوْنَ (80)	وَلَوْ [5]	كَانُوْا	يُؤْمِنُوْنَ
وہ سب	سب ہمیشہ رہنے والے (ہیں)	اور اگر	وہ سب ہوتے	وہ سب ایمان رکھتے

بِاللّٰهِ [6]	وَالنَّبِيِّ	وَمَآ [7]	اُنْزِلَ [8]	اِلَيْهِ
اللہ پر	اور نبی (ﷺ پر)	اور جو	نازل کیا گیا	اس کی طرف

مَا [7]	اتَّخَذُوْهُمْ [9]	اَوْلِيَآءَ	وَلٰكِنَّ	كَثِيْرًا
(تو) نہ	سب بناتے اُن (کافروں) کو	دوست	اور لیکن	اکثر

مِّنْهُمْ	فٰسِقُوْنَ (81)	لَتَجِدَنَّ [10]	اَشَدَّ [11]	النَّاسِ
اُن میں سے	سب نافرمان (ہیں)	ضرور بالضرور آپ پائیں گے	زیادہ سخت	لوگوں (میں سے)

عَدَاوَةً [12]	لِّلَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	الْيَهُوْدَ	وَالَّذِيْنَ
دشمنی (میں)	(ان لوگوں) کے لیے جو	سب ایمان لائے ہیں	یہودیوں (کو)	اور (اُن لوگوں کو) جن

اَشْرَكُوْا ج	وَ	لَتَجِدَنَّ [10]	اَقْرَبَهُمْ [11]	مَّوَدَّةً [12]
سب نے شرک کیا	اور	ضرور بالضرور آپ پائیں گے	زیادہ قریب ان میں سے	محبت (میں)

لِّلَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	الَّذِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّا [13]
(اُن لوگوں) کے لیے جو	سب ایمان لائے	(ان لوگوں کو) جن	سب نے کہا	بیشک ہم

نَصٰرٰی ط	ذٰلِكَ [14]	بِاَنَّ [6]	مِنْهُمْ	قِسِّيْسِيْنَ [15]
نصاریٰ (ہیں)	یہ	اس وجہ سے کہ بیشک	اُن میں سے	(کچھ) علماء (ہیں)

وَ	رُهْبَانًا	وَّ	اَنَّهُمْ	لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ (82)
اور	(کچھ) عبادت گزار (بھی)	اور	بیشک وہ	نہیں وہ سب تکبر کرتے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 تَرٰی دراصل تَرَاٰیُ تھا، گر امر کے اصول کے مطابق آخر سے یُ محذوف ہے۔

2 علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

3 تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

4 هُمْ اگر الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ وہ سب ہوتا ہے۔

5 لَوْ کا ترجمہ اگر اور کبھی کاش ہوتا ہے۔

6 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

7 مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

8 فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

9 علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

10 فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نَّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ضرور بالضرور کیا گیا ہے۔

11 اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

12 ۃ اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

13 اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، یہاں تخفیف کے لیے ایک نون محذوف ہے۔

14 ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔

15 یہاں یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

تَرٰی کَثِیْرًا مِّنْھُمْ	آپ اُن میں سے اکثر کو دیکھیں گے (کہ)
یَتَوَلَّوْنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا ؕ	وہ ان (لوگوں) سے دوستی لگاتے ہیں جنھوں نے کفر کیا
لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَھُمْ	یقیناً بُرا ہے جو اپنے لیے آگے بھیجا
اَنْفُسُھُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰہُ عَلَیْھِمْ	اُن کے نفسوں نے کہ اللہ اُن پر ناراض ہوا
وَفِی الْعَذَابِ ھُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿80﴾	اور وہ عذاب میں ہمیشہ (مبتلا) رہنے والے ہیں۔ ﴿80﴾
وَلَوْ کَانُوْا یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ وَالنَّبِیِّ	اور اگر وہ اللہ اور نبی (محمد ﷺ) پر ایمان رکھتے ہوتے
وَمَآ اُنْزِلَ اِلَیْہِ	اور (اس پر) جو اُس کی طرف نازل کیا گیا
مَا اتَّخَذُوْھُمْ اَوْلِیَآءَ	(تو) اُن (کافروں) کو (کبھی) دوست نہ بناتے
وَلٰکِنَّ کَثِیْرًا مِّنْھُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿81﴾	اور لیکن اُن میں سے اکثر نافرمان ہیں۔ ﴿81﴾
لَتَجِدَنَّ	یقیناً آپ ضرور پائیں گے
اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَۃً	دشمنی میں (دوسرے) لوگوں سے زیادہ سخت
لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوا الْیَھُوْدَ	یہودیوں کو اُن (لوگوں) کے ساتھ جو ایمان لائے ہیں
وَالَّذِیْنَ اَشْرَکُوْا ۚ	اور اُن (لوگوں) کو (بھی) جنھوں نے شرک کیا
وَلَتَجِدَنَّ	اور یقیناً آپ ضرور پائیں گے
اَقْرَبَھُمْ مَّوَدَّۃً	اُن (لوگوں) میں سے محبت میں زیادہ قریب
لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوا	اُن (لوگوں) کے ساتھ جو ایمان لائے
الَّذِیْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰی ؕ	اُن (لوگوں) کو جنھوں نے کہا کہ بیشک ہم نصارٰی ہیں
ذٰلِکَ بِاَنَّ مِنْھُمْ	یہ اس لیے کہ بے شک اُن میں سے کچھ
قِسِّیْسِیْنَ وَرُھْبَانًا	علماء اور عبادت گزار (مشائخ) ہیں
وَّاَنَّھُمْ لَا یَسْتَکْبِرُوْنَ ﴿82﴾	اور (اس لیے) کہ بے شک وہ تکبر نہیں کرتے۔ ﴿82﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- تَرٰی : رؤیت ہلال، مرئی وغیر مرئی۔
- کَثِیْرًا : اکثر، کثرت، اکثریت۔
- مِّنْھُمْ : منجانب، من وعن۔
- یَتَوَلَّوْنَ : ولی، اولیائے کرام، ولایت۔
- کَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
- قَدَّمَتْ : مقدم، تقدیم، اقدام۔
- اَنْفُسُھُمْ : نفس، نفسا نفسی، تنفس۔
- عَلَیْھِمْ : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
- فِی : فی الحال، فی الفور، فی الواقع۔
- خٰلِدُوْنَ : خالد، خلد بریں۔
- یُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مؤمن۔
- النَّبِیِّ : نبی، نبوت، انبیاء۔
- اُنْزِلَ : نازل، نزول، انزال۔
- اِلَیْہِ : مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
- اتَّخَذُوْھُمْ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
- اَوْلِیَآءَ : ولی، اولیائے کرام، ولایت۔
- لٰکِنَّ : لیکن۔
- کَثِیْرًا : اکثر، کثرت، اکثریت۔
- فٰسِقُوْنَ : فسق وفجور، فاسق وفاجر۔
- لَتَجِدَنَّ : وجود، موجود، ایجاد۔
- اَشَدَّ : شدید، شدت، اشد ضرورت۔
- النَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
- عَدَاوَۃً : عدوّ، اعداء، عداوت۔
- اَشْرَکُوْا : شرک، شریک، مشرک۔
- اَقْرَبَھُمْ : قرب، اقربا، قرابت۔
- مَّوَدَّۃً : مودت ومحبت۔
- قَالُوْٓا : قول، اقوال، مقولہ۔
- رُھْبَانًا : راہب، رہبانیت۔
- لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
- یَسْتَکْبِرُوْنَ : کبر، تکبر، متکبر۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

تعارف و مقاصد "بیت القرآن"

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب ہدایت ہے اور اسے اللہ تعالیٰ نے بہت آسان بنایا ہے، جس کا اظہار اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی بار فرمایا ہے:﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾سورۃ القمر :17
اور یقیناً ہم نے اس قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان بنادیا ہے، پھر کوئی نصیحت لینے والا ہے۔؟

اب اسے ہر انسان تک پہنچانا اور اس کے متعلق اس تاثر کو دور کرنا کہ یہ بہت مشکل کتاب ہے۔ تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔ اسی ذمہ داری کو پورا کرنے کیلئے "بیت القرآن" کی بنیاد رکھی گئی ہے۔

جس کے مقاصد درج ذیل ہیں:

1 قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان فہم بنانے کی کوشش کرنا۔
2 قرآنی تعلیمات پر مبنی ایسی عام فہم کتب کی اشاعت کرنا جن سے قرآن فہمی میں مدد ملے۔
3 قرآنی گرامر کو آسان تر بنانے کی کوشش کرنا۔
4 قرآن مجید سے متعلقہ موضوعات پر مختلف سیمینارز منعقد کرانا۔
5 قرآن فہمی کیلئے شارٹ کورسز کا انعقاد کرانا۔
6 گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے قرآن مجید کا ترجمہ سکھانا۔
7 قرآن فہمی کے لیے ٹیچر ٹریننگ کورسز منعقد کرانا۔
8 انٹرنیٹ کے ذریعے فہم قرآن میں مدد دینا۔ (www.bait-ul-quran.org)
9 پاور پوائنٹ سلائیڈز کے ذریعے قرآن فہمی کو آسان بنانا۔ (الحمدللہ مکمل قرآن کریم تیار ہے، اساتذہ کرام اسے حاصل کر سکتے ہیں۔)
10 عامۃ المسلمین کو اَحکامِ الٰہی کے مطابق اپنے نبی محترم حضرت محمد ﷺ سے عقیدت و محبت کے ساتھ آپ ﷺ کی مسنون زندگی کو اپنانے اور اس کی سیرت کو دنیا پر غالب کرنے کی کوشش کرنا۔

آپ بھی اس عظیم کارِ خیر میں شریک ہوسکتے ہیں، جس کی بہترین صورت یہ ہے کہ آپ سکولز، کالجز، یونیورسٹیز اور عوامی حلقوں میں "بیت القرآن" کا منفرد اور آسان ترجمہ "مصباح القرآن" اور "تجویدی قاعدہ" متعارف کروائیں، اسے مفت تقسیم فرمائیں اور اس عظیم مشن کو جاری رکھنے کے لیے اصحابِ خیر ہر ممکن تعاون فرمائیں، جزاکم اللہ خیراً۔

الداعی الی الخیر: "بیت القرآن" (رجسٹرڈ) لاہور، پاکستان